www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | منگل 29 ربیع الاول 1447ھ 23 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 78

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

غیر متوازن ترقی پورے ملک کا مسئلہ ہے، محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کیخلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ

نوجوان ہمارا مستقبل، انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے، سوشل میڈیا پر پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے، تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت

بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور کے پی سمیت ملک بھر سے کے افسران تربیت حاصل کریں گے، زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب

کوئٹہ (ث ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے، ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی مکمل تعبیر ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

حماس کا غزہ جنگ بندی سے متعلق ڈونلڈ ٹرمپ کو خط

60 روزہ جنگ بندی کے بدلے نصف یرغمالیوں کو رہا کرنے کی پیشکش

واشنگٹن (م ڈ) امریکی چینل فوکس نیوز نے دعویٰ کیا ہے کہ حماس نے غزہ جنگ بندی سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکس نادہندگان کی معلومات پر 15 کروڑ انعام کی سفارش

معلومات دینے والوں کی رازداری کو یقینی بنانا ہوگا، عائشہ فاروق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو عائشہ فاروق نے ممبران لینڈ ریونیو آپریشن کو خط لکھ کر ٹیکس نادہندگان...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ججز کی جانب سے دائر آئینی درخواستوں پر اعتراضات عائد

درخواستیں چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے اختیارات کیخلاف دائر کی گئی تھیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے 5 ججز کی جانب سے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ میں فلسطینی مشن کو سفارتخانے کا درجہ، پرچم بھی لہرا دیا

برطانوی حکومت کا جرات مندانہ اقدام تاریخی ناانصافیوں کی تلافی، فلسطینی سفیر

لندن (م ڈ) عالمی پیشرفت میں برطانیہ فلسطین کو فلسطینی اتھارٹی کے مشن دفتر کو سفارتخانے کا درجہ دینے والا پہلا ملک بن گیا...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ میں فلسطینی مشن کو سفارتخانے کا درجہ دینے کے بعد پرچم لہرایا جا رہا ہے

وزیراعظم شہباز شریف کی 6 مسلم رہنماؤں کے ہمراہ آج صدر ٹرمپ سے اہم ملاقات

سعودی عرب، قطر، ترکی، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا اور مصر کے رہنما امریکی صدر سے ملاقات میں شریک ہوں گے

علاقائی اور بین الاقوامی امن و سلامتی کے مسائل، مالیاتی و اقتصادی پالیسی اور عالمی ترقیاتی مسائل پر مرکوز ہوں گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس میں شرکت کے لئے نیویارک میں موجود ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی اہم ترین ملاقات آج (منگل کو) ہوگی جس میں وہ سعودی عرب، قطر، ترکی، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا اور مصر کے رہنماؤں کے ہمراہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کریں گے۔ ٹرمپ نے ان مسلم...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی یونس عزیز زہری اپوزیشن جماعتوں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک سعودی عرب دفاعی معاہدہ، حکومت کا پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ

وزارت پارلیمانی امور نے اجلاس بلانے کی سمری وزیراعظم کو بھجوادی، اجلاس 29 ستمبر کی شام 5 بجے بلانے کی تجویز دی گئی ہے

اجلاس دو ہفتے جاری رہے گا، اجلاس میں معمول کا سرکاری ایجنڈا بھی زیر بحث آئے گا وزیر دفاع خواجہ آصف پالیسی بیان دیں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے دفاعی معاہدے پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدے سے متعلق ایوان کو اعتماد میں لینے کے حوالے سے قومی اسمبلی کا اجلاس 29 ستمبر کو طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پارلیمانی ذرائع نے بتایا ہے کہ وزارت پارلیمانی امور...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کا گروپ فوٹو

فوجی تنصیبات پر حملے دفاعی قوانین کے دائرہ کار میں، حکومت کو فوجی عدالتوں سے سزا یافتہ ملزمان کو اپیل کا حق دینے کیلئے 45 دن میں قانون سازی کرنے کا حکم

آرمی ایکٹ آئین سے متصادم نہیں، فوجی عدالتوں سے سزا یافتہ ملزمان کو ہائیکورٹ میں اپیل کا حق ملنا چاہیے، سپریم کورٹ

آرمی ایکٹ میں بنیادی ضابطہ موجود مگر عام شہریوں کیلئے مناسب اپیل کے فورم کا فقدان ہے، فوجی عدالتوں سے سزا یافتہ شہریوں کے لیے ہائیکورٹس میں آزادانہ اپیل کے لیے قانون سازی کو پورا کیا جانا چاہیے

جسٹس امین الدین خان نے 68 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا، جسٹس محمد علی مظہر کا 47 صفحات کا اضافی نوٹ، جسٹس حسن رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس شاہد بلال کا اضافی نوٹ سے اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے اپنے تفصیلی تحریری فیصلے میں ملٹری کورٹ کے سزا یافتہ ملزمان کو اپیل کا حق دینے اور فیصلے میں اپیل کا حق دینے کیلئے 45 دن میں حکومت کو قانون سازی کا حکم دیا ہے۔ سویلین کے کورٹ مارشل کے حوالے سے انٹرا کورٹ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

60 ہزار سے زائد جیولرز کیخلاف ٹیکس شکنجہ کسنے کا فیصلہ، ایف بی آر نے ڈیٹا جمع کر لیا

جن 60 ہزار جیولرز کا ڈیٹا جمع کیا گیا ان میں سے صرف 21 ہزار جیولرز ایف بی آر کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں

مرحلے میں پنجاب کے 900 جیولرز کی فہرست تیار، کئی ہزار جیولرز ٹیکس نیٹ میں شامل ہی نہیں ہو رہے، ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے جیولرز پر شکنجہ کسنے کیلئے 60 ہزار سے زائد جیولرز کا ڈیٹا اکٹھا کر لیا۔ ذرائع کے مطابق جن 60 ہزار جیولرز کا ڈیٹا جمع کیا گیا ان میں سے صرف 21 ہزار جیولرز ایف بی آر کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور ان 21 ہزار رجسٹرڈ جیولرز میں سے بھی صرف 10 ہزار 524 نے ٹیکس ریٹرن داخل کی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع ایف بی آر کا کہنا...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

انکم ٹیکس قانون میں عوامی سماعت کی کوئی شق نہیں ہے، جسٹس محمد علی مظہر

آرٹیکل 10 اے فیئر ٹرائل کے حوالے سے ہے، ٹیکس سے اس کا کیا تعلق؟ جج سپریم کورٹ

کچھ چیزیں ہیں جو میونسپل ٹیکس میں ہیں، سپر ٹیکس سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں سپر ٹیکس سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا ہے کہ آرٹیکل 10 اے فیئر ٹرائل کے بارے میں ہے، ٹیکس سے اس کا کیا تعلق ہے؟ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

دریائے سندھ، کوٹری بیراج پر پانی کی آمد میں مزید اضافہ

درمیانے درجے کا سیلاب، بہاؤ بڑھ کر 3 لاکھ 60 ہزار کیوسک ہوگیا

کراچی (بیورو رپورٹ) دریائے سندھ میں کوٹری بیراج پر پانی کی آمد میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ درمیانے درجے کا سیلاب ہے مگر بہاؤ بڑھ کر 3 لاکھ 60 ہزار کیوسک ہوگیا۔ فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق گڈو اور سکھر بیراج پر بہاؤ میں کمی کا سلسلہ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی خواتین ہر شعبے میں قائدانہ کردار ادا کر رہی ہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ محض الفاظ نہیں بلکہ عملی اقدام سے اپنے عزم کو دہرانا ہوگا۔ اسحاق ڈار نے ان خیالات کا اظہار نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں خواتین کی چوتھی عالمی کانفرنس سے خطاب میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیجنگ میں 30 برس قبل خواتین اور بچیوں کی برابری اور بااختیار بنانے کا عزم کیا گیا تھا، ہمیں محض الفاظ نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے اپنے عزم کو دہرانا ہوگا...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس آخری مراحل میں داخل، استغاثہ نے کارروائی مکمل کر لی

آخری دو گواہوں کے بیانات ریکارڈ، تفتیشی افسران پر وکیل صفائی 24 ستمبر کو جرح کریں گے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) توشہ خانہ ٹو کیس آخری مراحل میں داخل ہو گیا، استغاثہ نے اپنی کارروائی مکمل کر لی۔ اسپیشل جج سینٹرل شاہرخ ارجمند نے کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں کی۔ سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو کمرہ عدالت میں...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

صحیح جج تعینات ہوں گے تو چیزیں ٹھیک ہو جائیں گی، جسٹس محسن کیانی

اگر کوئی جج بکری بنا ہو تو وکیل کا کام ہوتا ہے اس کو شیر بنا دے، جج

ممبر بورڈ آف ریونیو کے فیصلے کے خلاف کیس کی سماعت کے دوران دلچسپ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے ایک کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے کہ اگر صحیح جج تعینات ہوں گے تو ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ تک چیزیں ٹھیک ہو جائیں گی۔ ممبر بورڈ آف ریونیو کے فیصلے کے خلاف کیس کی سماعت کے دوران جسٹس محسن اختر کیانی کا وکیل درخواست گزار سے دلچسپ مکالمہ ہوا۔ جسٹس...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

روس کی امریکا کو جوہری ہتھیار محدود رکھنے کے معاہدے سے متعلق پیشکش

روس تب جوہری ہتھیاروں کی تعداد برقرار رکھے گا جب امریکا بھی ایسا ہی کرے، پیوٹن

ماسکو (م ڈ) روس نے امریکا کو جوہری ہتھیار محدود رکھنے کے معاہدے سے متعلق پیشکش کی ہے۔ ماسکو سے خبر ایجنسی کے مطابق روس نے نیو اسٹارٹ معاہدے میں...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا پاکستان کے خلاف کوئی ایجنڈا نہیں، بیرسٹر گوہر

جب بھی پاکستان کے لئے کال آئی تو ہم کھڑے ہوں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ ہمارا پاکستان کے خلاف کوئی ایجنڈا نہیں ہم آئین پر عمل درآمد کی بات کرتے ہیں...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

27 ستمبر کا جلسہ قوم کی آزادی کیلئے ہے، عوام بڑی تعداد میں نکلیں، عمران خان

مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں، اسٹیبلشمنٹ سے کوئی پارٹی رہنما بات نہ کرے، جس نے بات کرنی ہے وہ جیل آئے، بانی پی ٹی آئی

بانی نے کہا ہے کہ پاک سعودی معاہدہ کی بہت اہمیت ہے، پاکستان کو عالمی سطح پر رابطے تیز اور بحال رکھنے چاہئیں، علیمہ خان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کے جلسے میں پوری قوم نکلے، یہ جلسہ قوم کی آزادی کے لیے ہے، بانی نے پارٹی کو ہدایت کی ہے جلسے کو کامیاب بنائیں۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے 4 پیغامات بھیجے ہیں، بانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے معاہدہ کی بہت اہمیت ہے، پاکستان...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پہاڑی علاقوں میں اے سی زیارت محمد افضل کی لاش کی تلاش جاری

زرد آلو سے برآمد ہونے والی لاش نوجوان محبت اللہ سالانی کی ہے، لیویز

گزشتہ روز کوسٹ اور نگری کے پہاڑی سلسلوں میں تلاش کے دوران نعش ملی تھی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہرنائی کے پہاڑی علاقوں میں اسسٹنٹ کمشنر زیارت محمد افضل کی لاش کی تلاش جاری۔ تاہم تاحال کوئی کامیابی نہیں مل سکی۔ ڈپٹی کمشنر جنرل ہرنائی محمد علیم ترین کے مطابق لیویز فورس اسسٹنٹ کمشنر زیارت محمد افضل کی لاش کی تلاش کر رہی ہے۔ ہرنائی کے علاقے زرد آلو سے برآمد ہونے والی لاش نوجوان محبت اللہ سالانی کی ہے جسے لیویز...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے کام کیا جائے، وزیراعظم

اقتصادی سرگرمیوں کے روڈ میپ میں نجی شعبے کا کلیدی کردار ہوگا، اجلاس سے خطاب

لندن (مشرق نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ تمام اہم شعبوں میں سرمایہ کاری اور تجارت کو فروغ دینے کے لیے قابل عمل منصوبوں پر کام کیا جائے، اقتصادی سرگرمیوں کے روڈ میپ میں نجی شعبے کا کلیدی کردار ہوگا اور ان کی شمولیت کو یقینی...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 5 فیصد کمی

کراچی (بیورو رپورٹ) جاری مالی سال کے پہلے دو ماہ میں پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 5 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے دو ماہ میں پیٹرولیم...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز اینڈ منرل ایکٹ 2025 کیخلاف بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کا اتحاد قائم

یونس عزیز زہری کی قیادت میں پارلیمانی کمیٹی تشکیل، انجینئر زمرک اچکزئی رحمت صالح بلوچ مولانا ہدایت الرحمان ممبر

میر جہانزیب مینگل بھی کمیٹی میں شامل، وزیراعلیٰ کو مائنز اینڈ منرل ایکٹ 2025 بارے مطالبات سے آگاہ کریں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کے زیر صدارت اسمبلی کے کمیٹی روم میں آل پارٹیز سول سوسائٹی مائنز اونرز ایسوسی ایشن کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مائنز اینڈ منرل ایکٹ 2025 سے متعلق طویل غور و خوض ہوا اور اس بل کے مندرجات کو آئین کیخلاف صوبائی...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیگاری میں دہرے قتل میں گرفتار شیر باز کی ضمانت منظور

عدالت نے سردار شیر باز کی ضمانت پانچ لاکھ کے مچلکوں کے عوض منظور کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ نے ڈیگاری میں خاتون اور مرد کو فائرنگ کر کے قتل کر دینے کے جرگہ کے فیصلہ کیخلاف گرفتار قبائلی رہنما سردار شیر...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس، اسد قیصر و دیگر کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

پرویز الٰہی، شبلی فراز اور اسد عمر کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواستیں منظور، سماعت 6 اکتوبر تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سمیت غیر حاضر ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

200 کروڑ کی منی لانڈرنگ: جیکولین فرنینڈس کی درخواست مسترد

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی سپریم کورٹ نے بالی ووڈ اداکارہ جیکولین فرنینڈس کی 200 کروڑ روپے کے ای ڈی (انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ) کے کیس کو ختم کرنے کی درخواست مسترد کر دی۔ انہوں نے جولائی میں دہلی ہائیکورٹ کی جانب سے اس کیس کو ختم کرنے کی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں بلوچستان اسٹیبلشمنٹ آف اسپیشل کورٹس (اور سیز پاکستانیز پراپرٹی) کا مسودہ قانون پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی جعفر آباد اور دیگر اضلاع میں نہروں سے تمام غیر قانونی نصب پائپ فوری طور پر...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامی مسائل کے باعث 13 پروازیں منسوخ اور 44 میں تاخیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انتظامی مسائل کے باعث 13 پروازیں منسوخ اور 44 میں تاخیر ہوئی ہے۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق قومی ایئر لائن کا ایک طیارہ خراب ہونے سے کراچی کی 6 پروازیں منسوخ کر دی گئیں، اے ٹی آر طیارے میں فنی خرابی کے باعث...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں

تین ماہ کے دوران پنجاب سے 89 دہشت گرد گرفتار

لاہور (بیورو رپورٹ) محکمہ انسداد دہشت گردی محکمہ (سی ٹی ڈی) نے کہا ہے کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران پنجاب بھر میں 940 انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 89 دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال کے دوران پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ سی ٹی ڈی باقاعدگی سے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں اینٹی سروائیکل مہم 2026 میں شروع کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں اینٹی سروائیکل مہم 2027 میں شروع کی جائے گی، مہم میں 9 سے 14 سال کی بچیوں کو ویکسین لگائی جائے گی۔ ایکسپینڈڈ پروگرام آن امیونائزیشن بلوچستان کے حکام کے مطابق صوبے میں اینٹی سروائیکل 2027 میں چلائے جانے کا پلان ہے، ان کے مطابق صوبے میں سروے اور طریقہ کار نہ ہونے کی وجہ سے خواتین میں متعلقہ کینسر سے اموات کا ڈیٹا موجود نہیں ہے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

3 سال تک فائبر نیٹ کو 60 فیصد تک لے جائیں گے، شزا فاطمہ

نادرا سے مل کر ڈیجیٹل ڈیٹا جمع کر رہے ہیں، ہر شخص کا ڈیٹا محفوظ ہوگا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہے پاکستان کو ڈیجیٹل حب پر پہنچائیں، اگلے 3 سال تک فائبر نیٹ کو...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سبی، قبائل میں تصادم 2 افراد جاں بحق دو زخمی

سبی (نامہ نگار) بلوچستان کے علاقے سبی میں دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم، 2 افراد جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہو گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق پیر کی شام کو سبی میں جیل روڈ پر 2 قبائل کے درمیان مسلح تصادم ہوا جس کے دوران فائرنگ سے 2 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم باغ میں تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی، ڈاکو 24 کروڑ روپے کا سونا لوٹ کر فرار

مسافر بس نسائی ایریا تحصیل مسلم باغ پہنچی تو دو ویگو گاڑیوں میں موجود مسلح افراد نے بس کو روکا اور مسافر کا سامان نکال کر چلتے بنے

سونا ایک تاجر ملتان سے کوئٹہ لیکر آ رہا ہے تھا مالیت 24 کروڑ روپے تھی، ڈاکو اسلحے کے زور پر لے گئے، متاثرہ شخص کی رپورٹ پر مقدمہ درج

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) قلعہ سیف اللہ تحصیل مسلم باغ کی تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی ڈاکوں اسلحہ کے زور 24 کروڑ روپے کا سونا لے گئے واقعے کی مزید تفصیلات کے مطابق ملتان سے کوئٹہ آنے والی سدا بہار کمپنی کے مسافر بس میں دو سواریوں کے ہمراہ بھاری مقدار میں سونا کی موجودگی کا علم پا کر افراد جو کہ سرکاری لبادہ اوڑھے ہوئے تھے کوئٹہ جا رہا تھا مسافر بس...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمینوں کی نشستوں پر ضمنی انتخابات 2 اکتوبر کو ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیہ کے مطابق بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بلدیاتی اداروں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات 2 اکتوبر (2025 بروز جمعرات) کو منعقد ہوں گے۔ ان نشستوں میں ضلع...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

جمشید دستی کو جعلی ڈگری کیس میں 17 سال قید کی سزا سنا دی گئی

جمشید دستی کے خلاف الیکشن کمیشن نے جعلی ڈگری کا کیس دائر کر رکھا تھا

ملتان (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت ملتان نے عوامی راج پارٹی کے سربراہ اور سابق رکن قومی اسمبلی جمشید دستی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری اور شوہر کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے 24 ستمبر کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ ایڈووکیٹ کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں ریاست اور قومی سلامتی کے اداروں...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن میں دو نئی سیاسی جماعتیں رجسٹرڈ، مجموعی تعداد 170 ہو گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں دو نئی سیاسی جماعتیں رجسٹرڈ ہو گئیں۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آزاد عوام پاکستان پارٹی اور تجدید نظام پارٹی رجسٹرڈ ہوئی ہیں۔ آزاد عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ محمد علی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے پی ٹی آئی راہنماؤں کیخلاف آزادی مارچ کیس میں سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ جوڈیشل...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پنشن روکنے اور فون بلاک کرنے کے عمل کی مذمت کرتے ہیں، نیشنل بینک پنشنرز ایکشن کمیٹی

60 سے 100 سال تک کے عمر رسیدہ بزرگ پنشنرز کے ساتھ توہین آمیز سلوک کا اسٹیٹ بینک نوٹس لے، نعیم اللہ فریدی

بائیو میٹرک، لائف سرٹیفکیٹ، میرج سرٹیفکیٹ کے نام پر آئے روز پنشن روکنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، ظفر صادق

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل بینک آف پاکستان پنشنرز ایکشن کمیٹی کے سرپرست اعلیٰ و سیکرٹری جنرل آفیسرز فیڈریشن پنجاب نعیم اللہ فریدی، مرکزی سیکرٹری جنرل ظفر صادق، لیگل ایڈوائزر چوہدری اختر ورک، سینئر رہنما محمد زبیر یوسف بٹ، ریاض خان اور ممبر میڈیا سیل ذوالفقار سندھو نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی کنٹریکٹ ول انتظامیہ کا بینک سے ریٹائرڈ 60 سے 100 سال تک کے عمر رسیدہ بزرگ پنشنرز کے ساتھ توہین آمیز ناروا سلوک پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے بینک انتظامیہ بائیو میٹرک، لائف سرٹیفکیٹ اور فیملی پنشن لینے والی بیوائوں کے نو میرج سرٹیفکیٹ کے نام پر آئے دن سفید بالوں والے پنشنرز کی پنشن روکنا اور اکاؤنٹ بلاک کرنا معمول بن چکا ہے اور سینئر سٹیزن کے میڈیکل بلز کو بھی ماہانہ ادائیگی نہ کرنے سے پنشنرز شدید پریشان اور ٹینشن کا شکار رہتے ہیں۔ صدر مملکت، وزیر اعظم، اسپیکر قومی اسمبلی، وفاقی وزیر خزانہ اور گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ 2010 سے تاحال پارلیمنٹ کی جانب سے نیشنل بینک کے پنشنرز کو سالانہ بجٹ انکریز نہ دیکر پارلیمنٹ کے احکامات کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے اس لیے بینک انتظامیہ کے خلاف توہین پارلیمنٹ کی کارروائی کی جائے۔ ریٹائرمنٹ کے موقع پر 38 سال پرانا فارمولا 43.1 کے مطابق میڈیکل فکس کرنے کی بجائے از سر نو فارمولا بنایا جائے۔ پروفیسر ڈاکٹر کی فیس مارکیٹ ریٹ کے مطابق ادا کی جائے۔ آڈیٹر جنرل پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل کمرشل آڈٹ اینڈ ایویلیوایشن کراچی ونگ نے انتہائی باریک بینی سے 2012 سے 2020 تک کی مدت کے دوران نیشنل بینک میں غلط استعمال، عدم مطابقت، عدم وصولی، پنشنرز اور سٹاف کے خلاف عدالتی کارروائیوں میں اربوں روپے کا ضیاع (پنشنرز کے خلاف تمام کیس اور ریگولر سٹاف کے خلاف 90 کیس بینک ہار چکا ہے) پر 117 مثالیں نمایاں کیں مگر انتظامیہ نے اس رپورٹ پر عملدرآمد کی بجائے اس کو دبا دیا گیا، اس رپورٹ کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

پشتو اکیڈمی کوئٹہ میں آج 10 بجے پشتون کلچر ڈے منایا جائے گا

تقریب کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) پشتو اکیڈمی میکا نگی روڈ کوئٹہ کے زیر اہتمام کل 23 ستمبر کو بوقت صبح 10 بجے پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے تقریب کا آغاز ہوگا۔ پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے پشتو اکیڈمی کوئٹہ میں کلچر کے موضوع پر تقریب منعقد ہوگا۔ اس تقریب میں پشتون کلچر کی عکاسی کرتے ہوئے زیب تن لباس میں ملبوس مرد اور خواتین بھرپور طریقے سے شرکت کریں گے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل ہوں گے۔ مذکورہ تقریب میں مختلف اسٹال لگائے جائیں گے۔ علمی اور ادبی مذاکرے کا اہتمام کیا جائے گا جس میں پشتون کلچر پر مختلف سکالرز اور دانشور حضرات لیکچرز اور اپنے اظہار خیال پیش کریں گے۔ علاقائی لوک گیت گائے جائیں گے۔ پشتون ثقافت پر بنی ڈھول کی تھاپ پر مشترکہ طور پر اتن ہوگا۔ مشاعرے کا انعقاد ہوگا۔ رباب کے ذریعے ملی اور وطنی نغمے پیش کیے جائیں گے۔ پشتون کلچر کے عین مطابق دیگر ایکٹیویٹیز بھی ہوں گے۔ مختلف نامور پشتون سنگرز اپنے سریلی آوازوں میں موسیقی کے دوران ہم نغمے گانے پیش کریں گے۔

پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد حبیب پر بے جا الزامات کی مذمت کرتے ہیں، اپیکا پاپولیشن

بلیک میلر اپنے چھوٹے قد کو بڑا دکھانے کے لیے جھوٹی خبریں اور پروپیگنڈہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپیکا) پاپولیشن ویلفیئر یونٹ کے صدر عبدالرشید خان بزنجو سینئر نائب صدر محمد عامر کاسی، جونیئر نائب صدر محمد اعظم جنرل سیکرٹری شاہ محمد کاکڑ کابینہ کے دیگر عہدیداروں شبیر الدین ہاشمی، سرفراز احمد، محمد عمر اور ایمان شیر اور دیگر نے گزشتہ دنوں سوشل میڈیا میں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ژوب محمد حبیب خان پر بے جا الزامات کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ژوب ایک ایماندار فرض شناس آفیسر ہے انہوں نے تمام قانونی قاعدے پورے کرنے کے بعد سوشل اہلکار بھرتی کیے انہوں نے کہا کہ (اپیکا) ہے ایماندار اور فرض شناس آفیسران کی حوصلہ شکنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ بلیک میلر اپنے چھوٹے قد کو بڑا دکھانے کے لیے جھوٹی خبریں اور پروپیگنڈہ کر رہے ہیں انہوں نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ پاپولیشن ویلفیئر یونٹ قانونی چارہ جوئی کرے گا اور ایماندار آفیسر کے خلاف غلط بیانی برداشت نہیں کرے گی۔

نوجوانوں کو علم و شعور کے زیور سے آراستہ کرنا نصب العین ہے، جے ٹی آئی

نوجوان نسل کو فکری انتشار، بے مقصدیت اور گمراہی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، حافظ حبیب الرحمن

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حقانی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ عبدالقاہر روحانی محمد حنیفہ بلوچ فضل الرحمان سالاری نیک محمد قدرت اللہ احمد اللہ رفیع اللہ احرار قاسم شاہ اور رحمت اللہ سلیمان خیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت طلبا اسلام علمی و فکری جدوجہد کا نام ہے تنظیم کا نصب العین نوجوانوں کو علم و شعور کے زیور سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ باطل کے پروپیگنڈوں کا جواب دلیل سے دے سکیں اور اسلام کی حقانیت کو علمی بنیادوں پر اجاگر کریں آج کے دور میں جب نوجوان نسل کو فکری انتشار، بے مقصدیت اور گمراہی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے ایسے میں جمعیت طلبا اسلام ایک مضبوط فکری اور نظریاتی حصار فراہم کر رہی ہے جمعیت طلبا اسلام محض ایک تنظیم نہیں بلکہ ایک ایسا تعلیمی و فکری درسگاہ ہے جو طلبا کو نہ صرف دین سے جوڑتا ہے بلکہ انہیں مستقبل کی قیادت کے لیے سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں تیار کرتا ہے۔

منظور شدہ اپ گریڈیشن اور الاؤنسز سے محروم رکھنا قابل مذمت ہے، ڈاکٹر کلیم اللہ بزنجو

جامعہ کے اعلیٰ اداروں سے منظور ہونے والی پالیسی پر سابق وی سیز کے ادوار میں عمل ہوتا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کابینہ کا اجلاس زیر صدارت پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بزنجو منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری فوزیہ اسماء و ایلیس اے فرید خان اچکزئی، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ، پریس سیکرٹری پروفیسر رحمت اللہ اچکزئی ایگزیکٹو ممبران ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر گل محمد بلوچ اور پروفیسر مسعود مندوخیل نے شرکت کی۔ اجلاس میں اس بات پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا کہ اساتذہ اور افسران کو منظور شدہ اپ گریڈیشن اور الاؤنسز سے محروم رکھا گیا ہے، حالانکہ یہ پالیسی 2009 میں جامعہ کے اعلیٰ اداروں سے منظور ہو چکی ہے اور سابق وائس چانسلرز کے ادوار میں مسلسل اس پر عمل ہوتا رہا۔ موجودہ وائس چانسلر نے نہ صرف اپ گریڈیشن روک دی ہے۔



میٹروپولیٹن اسٹیٹ آفیسر محمد قاسم خان نے بطور فوکل پرسن صفا کوئٹہ معاملات چارج سنبھالنے کے بعد باقاعدہ طور پر اپنے خدمات کا آغاز کر دیا

حاجی شمس الدین الکوزئی وفات پا گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ تحصیل سریاب سے مربوط مسلم اتحاد کالونی علاقائی یونٹ کے علاقائی سیکرٹری ملک سلطان خان درانی کے چچا حاجی شمس الدین درانی وفات پا گئے۔ مرحوم کو کیو ڈی اے کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دریں اثنا، پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ایگزیکٹوز، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، ضلع کمیٹی، تحصیل سریاب سیکرٹری نیاز خان بزنجو اور تحصیل کمیٹی نے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا کی ہے۔

جنگل پیر علیزئی کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ ڈی سی کمپلیکس پہنچنے پر پولیس کی چاق و چوبند دستہ سلامی پیش کر رہے ہیں اس موقع پر ڈی آئی جی ژوب ڈویژن محمد کاشف ایڈیشنل کمشنر منور حسین مگسی ڈی پی او شاہد جمیل کاکڑ و دیگر آفیسران شریک ہیں

روزگار کے ذرائع نہیں، تھڑے لگا کر چھوٹا کاروبار کر رہے ہیں، تھڑا مالکان

میٹروپولیٹن کارپوریشن ضلعی انتظامیہ الاٹ شدہ تھڑے مسمار کر کے ہمیں جیل بھیج رہی ہے، منیر آغا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن نے ضلعی انتظامیہ کی مدد سے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کروایا، جس کے رد عمل میں تھڑہ اور ریڑھی بانوں کے مالکان نے بتایا ہے کہ ہم غریب لوگ ہیں چھوٹے چھوٹے بچے ہیں بس ایک چھوٹی سی تھڑہ لگا کر اپنے بچوں کی دیکھ بھال کر رہے ہیں نہ ہم چور ہیں نہ کسی کے مال پر قابض ہیں میٹروپولیٹن حکام نے بزور طاقت ہمارے تھڑے مسمار کیے گئے ہیں اور ہمارے کارکنان کو جیل بھیجا گیا ہمیں بے روزگار کر رہے ہیں جس کی ہم کسی صورت اجازت نہیں دی جائیگی، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے منیر آغا، شاہ خالد محمد اللہ، نصیب اللہ، امام خان و دیگر نے میٹروپولیٹن کارپوریشن حکام پر الزام عائد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ہمیں اپنے الاٹ شدہ تھڑوں سے فارغ کر کے دوسری پارٹی لانے کی کوشش کر رہے ہیں اگر ایسا پروگرام ہے تو تھڑے الاٹ کر کیدیا جائے ہم کسی دوسری پارٹی کو ہرگز برداشت نہیں کرینگے انہوں نے بتایا حکومت ایک جانب کہتی ہے کہ ہمارے پاس نوجوانوں کیلئے روزگار کے ذرائع موجود نہیں تو دوسری جانب ہمارے محفوظ روزگار کو خراب کئے جا رہے ہیں۔

ملک پائندہ خان (مرحوم) کی اہلیہ کی رسم قل کل بعد نماز ظہر ریلوے اسٹیشن مسجد میں ادا کی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) ملک پائندہ خان (مرحوم) کی اہلیہ سابق چیف انجینئر پی ایچ ای ملک محمد سلیم خان (مرحوم) عباس خان زاہد خان ندیم خان حاجی عابد ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے فیصل خان پانیزئی سے ڈی سی نوشکی ذیشان خان کی والدہ ڈاکٹر احمد عبدالستار لانگی غلام مرتضیٰ بلوچ کی ساس اسفندیار خان محکمہ زراعت ایکسین پی ایچ ای فیضان خان کی دادی اور پی ڈی ایم اے کے انجینیئر بلال بلوچ کی نانی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں تھیں انکی رسم قل کل بعد نماز ظہر ریلوے اسٹیشن مسجد میں ادا کی جائے گی عزیز و اقارب سے شرکت کی استدعا ہے

ہزارگنجی پوسٹ آفس میں بلز جمع کرانے کی سہولت بحال کی جائے، مقامی صارفین

اہم مسئلہ حل نہ کیا گیا تو اہلیان ہزارگنجی تاجروں کے ہمراہ احتجاجی راستہ اختیار کرنے پر مجبور

کوئٹہ (آن لائن) ہزارگنجی پوسٹ آفس میں یوٹیلٹی بلز جمع نہ ہونے کی وجہ سے مقامی صارفین کو سخت مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ لوگ دن بھر بینکوں میں طویل قطاروں میں کھڑے رہنے کے باوجود مایوس واپس جانے پر مجبور ہیں، جس کے باعث عوام کا قیمتی وقت اور وسائل ضائع ہو رہے ہیں۔ حافظ محمد معصوم نورزئی، سابق کونسلر حلقہ شادیزئی حافظ محمد ابراہیم محمد حسنی، انجمن تاجران کے مرکزی جنرل سیکرٹری حاجی سعد اللہ لہڑی اور ریاض احمد قریشی جمعیت علما اسلام کی جانب سے جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ مسئلہ عوامی سہولت اور بنیادی ضرورت سے جڑا ہوا ہے۔ متعلقہ بالا حکام کو بار بار بذریعہ خطوط اور کئی بار دونوں ملاقات میں عوامی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے بتایا گیا ہے لیکن ابھی تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی بالا حکام فی الفور نوٹس لیں، اور یوٹیلٹی بلز کی بروقت وصولی کا انتظام کو بحال کریں انہوں نے مزید کہا کہ اگر عوامی مسائل حل نہ کیے گئے تو اہلیان ہزارگنجی احتجاجی راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔ مزید کہا گیا کہ ہم پرامن مگر موثر انداز میں اپنے حق کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے تاکہ علاقے کے عوام کو سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔

واسا کے ملازم نصیب اللہ ولد سردار محمد انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (واسا) کوئٹہ کے مطابق محکمہ کے ملازم نصیب اللہ ولد سردار محمد والو مین 6 ستمبر 2025 کو دوران سروس انتقال کر گئے۔ واسا حکام نے ان کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ واسا انتظامیہ نے مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

کوئٹہ: ایچ آر سی پی کے زیر اہتمام مذہبی اقلیتوں کی صورتحال کے حوالے سے سیمینار سے کاشف کاکڑ، فوزیہ شاہین، اسفندیار بادینی، شہزادہ ذوالفقار و دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

قاسم خان کی بطور فوکل پرسن صفا میٹروپولیٹن کوئٹہ تعیناتی

طے پایا ہے کہ صفا کوئٹہ کی ٹیم خود آپکی دوکان پر آکے کچرہ اٹھائے

کوئٹہ (ن ن) کمشنر کوئٹہ / ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے احکامات کی روشنی میں میٹروپولیٹن کے آفیسر محمد قاسم خان کی بطور فوکل پرسن صفا کوئٹہ معاملات تعیناتی کے بعد اپنے فرائض منصبی سنبھال لیا، فوکل پرسن صفا کوئٹہ معاملات محمد قاسم خان کا باقاعدہ چارج سنبھالنے کے بعد کہنا تھا ہے کہ کوئٹہ شہر کی صفائی ستھرائی میں درپیش مسائل پر قابو پانے میں ہم سب نے مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہے، انھوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صفا کوئٹہ کے عملے کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ ہمارا مشن کوئٹہ کو پھر سے صاف و شفاف بنانا ہے۔ میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انکا مزید کہنا تھا کہ کچرے کی اٹھوائی اور ٹھکانے لگانے میں تاجر برادری کو کافی مشکلات کا سامنا تھا، اعلیٰ حکام اور تاجر نمائندگان سے مشاورت کے بعد یہ طے پایا کہ صفا کوئٹہ کی ٹیم خود آپکے دوکان پر آکے کچرہ اٹھائے گی جسکے ایوز انھیں ماہانہ 500 سے 1000 روپے تک کی ادائیگی کرنا ہوگی، اس سے صفائی ستھرائی میں کافی حد تک بہتری آئے گی۔ اس کے علاوہ ٹیکس ریکوری انچارج لٹر تک اور تجاوزات کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اس ضمن میں عوام الناس اور تاجر برادری سے تعاون کی اپیل بھی کی گئی ہے۔

حکومت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں مکمل ناکام ہو گئی ہے، حسن یار

اجلاس میں شیرانی حملے میں مغوی اہلکار اعظم شیرانی کی عدم بازیابی پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا لائرز فورم جنرل باڈی اجلاس صوبائی صدر ایڈووکیٹ حسن یار مندوخیل کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف سیاسی اور تنظیمی فیصلے کیے گئے۔ فورم کے اجلاس میں شیرانی ہیڈکوارٹر حملے میں مغوی اہلکار اعظم شیرانی کی تاحال عدم بازیابی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کی مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ فارم 47 کی حکومت اپنے شہریوں کی جان و مال کی تحفظ کرنے میں مکمل ناکام ہو گئی ہے۔ اجلاس میں ایگزیکٹوز کے فیصلوں کی توثیق کی گئی جس کے مطابق 8 اکتوبر کو ضلع کوئٹہ کی ضلع کابینہ کے انتخابات کا فیصلہ کیا گیا جس کے الیکشن کوئٹہ کچہری میں ہوں گے۔ جس میں ضلع کوئٹہ کی فورم کے تمام ممبران سے شرکت کی اپیل کی گئی اور اس انتخابات کو کامیاب بنانے کی اپیل کی گئی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے تمام جنرل باڈی کے ممبران نے ایگزیکٹو کے اس جمہوری فیصلے کو سراہا اور انتخابات میں مکمل شرکت کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ملک کو بچانے کا واحد راستہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے محبوب چیئرمین محمود خان اچکزئی کا فارمولا ہے۔

کوئٹہ، پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ، عبدالغنی بلوچ، رجب عادل و دیگر سلیم پاپولی بیٹی کی شادی کی تقریب میں شریک ہیں

پشتون کلچر ڈے ہماری تاریخ، تہذیب اور شناخت کی پہچان ہے، لطف اللہ آغا

پشتون ثقافت دنیا بھر میں امن، بھائی چارے اور انسانی اقدار کو اجاگر کرنے کی بہترین مثال ہے

ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ سے نوجوانوں کو منشیات سے بچا کر ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتون کلچر ڈے نہ صرف ایک تہوار ہے بلکہ یہ دن پشتون تاریخ، تہذیب، شجاعت اور مہمان نوازی کی پہچان ہے۔ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور بقا کا بنیادی ذریعہ ہے اور پشتون ثقافت دنیا بھر میں امن، بھائی چارے اور انسانی اقدار کی بہترین مثال ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا انہوں نے کہا کہ آج کا دن نوجوان نسل کو اپنی تاریخ اور روایات سے روشناس کرانے کا دن ہے تاکہ وہ مغربی ثقافتی یلغار کے دور میں اپنی قومی شناخت کو زندہ رکھ سکیں۔ پشتون قوم نے ہمیشہ قربانی، ایثار، بہادری اور اخوت کی مثالیں قائم کی ہیں اور یہی اقدار ہماری آنے والی نسلوں تک منتقل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد یہ ہے کہ نوجوان اپنی زبان، موسیقی، ادب، لباس اور اقدار کو اپنائیں اور ان پر فخر کریں۔ انہوں نے کہا کہ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی نوجوانوں کو منشیات جیسے لعنتی عمل سے بچانے کے لیے کوشاں ہے اور ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دے کر ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دینا ہمارا مقصد ہے۔ ان کے مطابق جب تک ہم اپنی ثقافت اور مثبت روایات کو مضبوطی سے تھامے رکھیں گے، منفی سرگرمیاں ہمارے معاشرے میں پنپ نہیں سکیں گی۔

عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر زمرک خان اچکزئی، انعام اللہ ملک رمضان کاکڑ کوئٹہ میں سید امیر علی آغا کے بھتیجے کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مہاجرین کو رہائش، کھانے پینے کی سہولیات دی جائیں، عبدالستار شاہ چشتی

جبری بیدخلی کا الٹی میٹم دینے اور ہراسگی سے چالیس سال کی مہمان نوازی کو پامال نہ کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی نے پاک افغان بارڈر پر افغان بھائیوں کو تین تین دن روکنے کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی ناروا سلوک سے افغان مہاجرین کو رہائش، کھانے پینے کے حوالے سے سخت مشکلات درپیش ہے کھلے میدانوں میں خواتین بچے بوڑھے بیمار بزرگ گاڑیوں میں پڑے رہتے کوئی سہولت نہیں دوسری جانب جان بوجھ کر مشکلات پیدا کرنا اور رات کی تاریکیوں میں افغان بھائیوں پر چھاپے اور خوف و دہشت پھیلانا اسلامی اور انسانی اصولوں کے منافی ہے۔ گھروں کی چادر اور چاردیواری کی پامالی اور خوف ہراسگی سے تکلیف دینا نہ اسلام اجازت دیتی ہے اور نہ انسانیت ہے انہوں نے کہا کہ طویل جنگوں سے متاثرہ افغان عوام کئی ممالک میں پناہ گزین کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اب افغان مہاجرین کو پاکستان سے جبری بیدخلی کا الٹی میٹم دینے اور ہراسگی سے چالیس سال کی مہمان نوازی کو پامال نہ کیا جائے افغان مہاجرین کا حالیہ جبری انخلا، ان کے عالمی سطح طے شدہ حقوق کی خلاف ورزی ہے انہوں نے کہا کہ افغان بھائیوں کے ساتھ صدیوں پر محیط تعلقات اور رشتہ داریاں ہے اور سرحد کے آر پار آباد قبائل کی زمینیں دونوں جانب موجود ہیں افغان بھائیوں کے گھروں اور جائیدادوں کو مسمار اور ضبط کرنا کہاں کا قانون و انصاف ہے ان کی جائیداد و املاک کو کم از کم تحفظ یا رقم ادا کرنے کا حق تو تھا ان کے کروڑوں کی جائیدادیں اور کاروبار کی تحفظ کے لیے ایک مثبت پالیسی وضع کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔



سابق وزیر میر اکبر اسکانی اقلیتی رہنما عادل آکاش اقلیتی مسائل کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

پبلک نوٹس

ہر خاص و عام اور مالکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ٹریفک اولڈ پولیس نے کوئٹہ میں غیر قانونی آمدہ رکشہ جات اموٹر سائیکل اہاتھ والی ریڑھیاں وغیرہ جو کہ جعلی رجسٹریشن اور بغیر پرمٹ / چوری شدہ یا دیگر کسی جرائم میں استعمال شدہ پائے گئے کو قبضہ پولیس میں لیا ہے متذکرہ قبضہ پولیس میں لیے گئے رکشہ جات وغیرہ کے حقداران اجائز وارثان کو بذریعہ اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ اس حوالے سے کوئی دعویدار ہے تو مصدقہ کاغذات کے ساتھ زیر دستخطی کو مورخہ 29-09-2025 تک رجوع کر سکتا ہے سال 2024، سے تاحال بار بار اخباری اشتہار اور دیگر ذرائع سے ہر خاص و عام کو مطلع کرنے کے باوجود کسی جائز حقداران اوارثان نے تھانہ ٹریفک پولیس آفس کوئٹہ اور مجاز عدالت ضلع کوئٹہ سے رجوع نہ کیا ہے اگر مقررہ تاریخ تک کسی جائز حقداران اوارثان نے زیر دستخطی کی عدالت سے رجوع نہ کیا تو قبضہ پولیس میں لیے گئے رکشہ جات اموٹر سائیکل اہاتھ والی ریڑھیاں وغیرہ کو لاوارث الا دعویٰ اغیر قانونی قرار دیکر قانون کے مطابق سکریپ کر کے نیلام کر دیا جائیگا بعد ازاں جائز حقداران اوارثان کی قسم کی کوئی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گا اور جائز حقداران اوارثان پائے گئے تو سکریپ کی آمدہ رقم قانون کے مطابق ادا کی جائیگی۔

جوڈیشل مجسٹریٹ
1۔ کوئٹہ

PRQ No1435/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے توسیع واک ان انٹرویو

ان تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے جنہوں نے بذریعہ اشتہار PQR No.888/27-08-2025 کے تحت محکمہ صحت ضلع سوراب کے ویکسینیٹر کی آسامیوں کے لیے درج ذیل تاریخوں 22 ستمبر 2025 تا 26 ستمبر 2025 کو انٹرویوز ہونے تھے، چونکہ چند وجوہات کی بنا پر ان انٹرویوز کی تاریخوں کو توسیع کی جاتی ہے اور اب ویکسینیٹر کی انٹرویوز درج ذیل تاریخوں پر لیا جائے گا۔

نمبر شمار	نام آسامی / اسکیل	جائے تعیناتی	تاریخ انٹرویو زبانی
01	ویکسینیٹر (B-05)	(دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سوراب ضلعی ہیڈکوارٹر، نزد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس، حاجی عبدالرحمان خان ڈیم روڈ، سوراب، ای پی آئی سینٹر)	مرد: سیریل نمبر 1 تا 300 تاریخ 29-09-2025 سیریل نمبر 301 تا 601 تاریخ 30-09-2025 سیریل نمبر 602 تا 935 تاریخ 01-10-2025 خواتین: سیریل نمبر 1 تا 140 تاریخ 02-10-2025 سیریل نمبر 141 تا 295 تاریخ 03-10-2025

ضلعی ناظم
صحت سوراب

PRQ No1436/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Awaran, invites sealed Tender/Bid for execution of various development works, under the below mentioned PSDP 2025-26 scheme, from eligible contractors/firms with the Bid Security @ 2% of estimated cost in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Fee to be deposited in any National Bank of Pakistan Branch situated in Balochistan Province through Green Bank Challan in a head of account (C03136) (verified by the District Accounts Officer). The scheduled items rates of BoQs of the tender is based on BCSR-2023. Tender Fee 1500 PKR

S#	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF 40'x40' WSTS FOR AGRICULTURE PURPOSE IN DISTRICT AWARAN THROUGH PSPD 2025-26 S.NO. 60[Z2025.0042] TSE- 252609869713	14,574,418

Procurements shall be made under BPP Rules 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,202,092 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE04(i) (Dams/Water Retaining Structures) , CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Income Tax Registration certificate is required The bidding firm must submit Income Tax Return of Taxation Year 2024 The Bidding Firm must submit Audit Report / Audit Balance Sheet of FY 2022-23, 2023-24 & 2024-25 The Bidding firm must submit Company's latest Bank Account Statement or Bank Credit Line Certificate. The issuance date of Bank Account Statement or Bank Credit Line Certificate shall not be older than the issuance of this NIT. The bidding firm must submit the Tender Fee of 1500 amount in the Head of Account C03136 on Green Challan duly verified by District Treasury Procedure of Procurement: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure Bid Security: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee/Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Tender Documents: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR Issuance of tender Documents: From the date of publication of NIT to 09 October, 2025 during office hours on working days Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by 09 October, 2025 till 10:30 AM. Tender opening: All tenders will be opened on same day at the office of under-signed at 11:30 AM Address: Office of the Deputy Director Agriculture (OFWM) District Awaran Email: baloch.wahid@gmail.com

Note:- The Tender Opening Committee/Bid Evaluation Committee reserves the right (Delegated by the BPPRA Rules 2014) that either accept or reject any or all the offers/quotations prior to the acceptance of a bid. a) The Contractor/Firm not qualifying the basic eligibility criteria will not be entertained in the bidding process. b) The bidder / firm should quote all the Rates in BOQ's otherwise the bidding would be considered non-responsive. c) All the bidders are required to get registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB, bidders not registered with BPPRA shall not be entertained in the bidding process.

DEPUTY DIRECTOR
AGRICULTURE ON FARM WATER
MANAGEMENT DISTRICT AWARAN

PRQ No.1440/22-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Project Director BRCs & Polytechnic Institutes Balochistan intends to following work: - Earnest Money 4%, Tender Fee 1000/- for each work

S.No	Item / Component	E/Cost
1	Establishment of Day Care Centre in Govt Girls Colleges & Public Sector Universities of Balochistan. *(E-Bidding).* ***(Single Stage Two Envelope Procedure)*** TSE-252609867801	99,000,000
2	Solarization of Colleges (61), Cadet Colleges (02),BRCs (02) & Universities (02) in Balochistan. *(E-Bidding).* ***(Single Stage One Envelope Procedure)*** TSE-252609868223	498,062,631

The tender process would be carried out under B-PPRA rule 2014. **Note:** In all procurements of GoB whether through Electronic or Manual bid submission, it is mandatory for all bidders to get registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA. The earnest money in shape of **call deposit/bank guarantee** from schedule bank in favour of Project Director BRCs & Polytechnic Institutes Balochistan should accompany the bids. **ELIGIBILITY:** All mandatory requirements are mentioned in bidding documents for qualifying the eligibility criteria. Bid should be inclusive of all prevailing taxes. **EVALUATION CRITERIA:** Least Cost Selection. **TENDER DOCUMENTS:** The Documents can be downloaded from BPPRA website. **TENDER FEE.** Non-refundable payment duly deposited through Green Challan in NBP under head **C02818** as mentioned against each category. **DATE FOR ISSUANCE:** From the date of Publication up to **07-10-2025** from the office/BPPRA website. **SUBMISSION & OPENING OF TENDER:** The tenders will be received / submitted on **07-10-2025** at **10:00 am** and will be opened on the same day at **11:00 am** in presence of participating bidders and procurement committee members. **ADDRESS:** House No.182-B, Jinnah Town, Quetta Cantt:, Ph. 081-2870400, Email: brcs.balochistan@gmail.com.

PROJECT DIRECTOR,
BRCs & Polytechnic Institutes
Balochistan.

AB No.277/22-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Chief officer District Council killa Saifullah invites sealed tender based on the composite schedule of rates 2023 Government of Baluchistan, amended up-to-date and Market rate, from interested contractors/firms for the works listed below: **Grant in Aid for 2024-25**

Bid Security 2% and Time limit 3 Months for each work

S.No	Name of Work	E/Cost
اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی عوامی حکومت احساس محرومیت کے خاتمے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے اور عوام کو خوشحال بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے عوام کی بے لوث خدمت پیپلز پارٹی کا ویژن ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے پڑھے لکھے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں اور بلوچستان کے تمام دور دراز علاقوں میں برابری کی بنیاد پر فنڈز جاری کر کے ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ جب بھی پاکستان پیپلز پارٹی برسر اقتدار آئی ہے عوام کو بہتر ریلیف کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی باشعور عوام پیپلز پارٹی کو امید کی کرن سمجھتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ حلقہ انتخاب اوستہ محمد کی عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا فنڈز عوام کی امانت ہے اجتماعی ترقیاتی اسکیمات کو ترجیح دی گئی ہے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی ممکن ہو سکے صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ سٹی اوستہ محمد اور تحصیل گنداخہ کی عوام کو پینے کا صاف پانی کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے

تحصیل دشتگوران میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

سوراب (آن لائن) ضلعی انتظامیہ سوراب کی جانب سے تحصیل دشتگوران میں عوامی مسائل سننے اور ان کے فوری حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ڈپٹی کمشنر سوراب فیصل فہیم یوسفزئی کے ساتھ ساتھ مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور سربراہان نے شرکت کی کھلی کچہری میں مقامی عمائدین، قبائلی شخصیات، نوجوانوں، زمینداروں، اساتذہ اور سماجی کارکنوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز ضلعی انتظامیہ کے سامنے رکھیں، عوام نے پانی، بجلی، تعلیم، صحت، سڑکوں کی خستہ حالی، مہنگائی، سرکاری دفاتر میں عدم تعاون، بیروزگاری اور دیگر اہم معاملات پر شدید تحفظات کا اظہار کیا، عوام نے شکایت کی کہ متعدد محکمے صرف کاغذی کارروائیوں میں مصروف ہیں جبکہ زمینی حقائق برعکس ہیں

روغانی سے متصل کلی حاجی فضل باری میں انٹرنیٹ سروس سست روی کا شکار

علاقہ مکینوں بالخصوص طلباء، تاجر برادری کو مشکلات، شہر سے رابطہ منقطع رہتا ہے

چمن (نامہ نگار) روغانی سے متصل کلی حاجی فضل باری مرحوم اور قریبی علاقوں میں انٹرنیٹ سروس کی رفتار شدید سست روی کا شکار، علاقہ مکینوں کو مشکلات کا سامنا علاقہ مکینوں بالخصوص طلباء، تاجر برادری سمیت مختلف شعبہ ہائے سے تعلق رکھنے والے افراد انٹرنیٹ کی انتہائی "سلو سپیڈ" سے شدید متاثر ہے مذکورہ علاقوں میں انٹرنیٹ کی سپیڈ فور جی کی بجائے کے بی میں ہوتا ہے جس کے باعث علاقہ مکینوں کا شہر سے رابطہ منقطع رہتا ہے انٹرنیٹ کی انتہائی سلو سپیڈ کی وجہ سے ویڈیو تصاویر آڈیوز کی ڈاؤنلوڈنگ اور اپلوڈنگ کا نام نہیں لے رہا مذکورہ مسئلے کو بارہا ہائی لائٹ کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ علاقہ مکینوں نے پی ٹی اے حکام سمیت ڈپٹی کمشنر سے پرزور مطالبہ کیا کہ اس اہم مسئلہ کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں تاکہ سالوں سال سے یہ حل طلب مسئلہ ختم ہو سکے۔

مستونگ اور بھاگ میں ناجائز ایف آئی آر کی مذمت کرتے ہیں، سنی تحریک

سوچی سمجھی سازش کے تحت بلوچستان میں ہمیں دیوار سے لگایا جا رہا ہے، خان محمد جتک

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان سنی تحریک تحصیل تمبو کے زیراہتمام زیرنگرانی میر شاہ اللہ خان بجارانی امیر حمزہ بجارانی اور دیگر برادران سالانہ عظیم الشان جشن عید میلادالنبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کانفرنس کے جلسہ عام سے پاکستان سنی تحریک کے مرکزی رہنما خان محمد جتک علماء بورڈ بلوچستان کے صوبائی چیئرمین علامہ محمد حسن سعیدی نصیرآباد مارکیٹ کمیٹی کے سابق چیئرمین میر محمد آصف لہڑی پروفیسر سید محمد اقبال شاہ بخاری چیئرمین میر محمد شریف لہڑی تحصیل تمبو کے صدر قاری محمد اسماعیل بجارانی مولانا محمد افتخار بجارانی سمیت دیگر علماء کرام نے خطاب کیا اس موقع پر مرکزی و صوبائی ذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک سوچے سمجھے سازش کے تحت بلوچستان میں ہمیں دیوار سے لگایا جا رہا ہے جس کی واضح مثال میلاد کی موقع پر مستونگ اور بھاگ میں ناجائز ایف آئی ار کاٹی گئی

سفیر جان کے اغواء کے خلاف چھتر کراس پوائنٹ پر پہیہ جام ہڑتال

مظاہرین نے پاک، ایران شاہراہ کو بند کر دیا، گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

دالبندین (نمائندہ خصوصی) سردار منظور احمد محمد حسنی کے صاحبزادے سفیر جان کے اغواء کے خلاف چھتر کراس پوائنٹ پر پہیہ جام ہڑتال کی گئی۔ اس دوران مظاہرین نے پاک، ایران شاہراہ کو بند کر دیا، جس کے باعث ٹریفک معطل ہوگئی اور آنے جانے والی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ اطلاع ملتے ہی پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی کونسل کے رکن، خان چنگل کے سینئر رہنما اور ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی، ایس پی چاغی عثمان سدوزئی کی ہدایت پر ڈی ایس پی چاغی عابد شیرزئی کے ہمراہ موقع پر پہنچے اور مظاہرین سے مذاکرات کیے۔ ان کی کوششوں سے احتجاج کو پرامن طور پر ختم کرایا گیا۔ ہڑتال کے دوران معصوم بچے، خواتین اور بزرگ شدید گرمی میں سڑک پر موجود رہے تاکہ اپنے مطالبات منوا سکیں۔

تربت، عالمی بریسٹ فیڈنگ آگاہی کے سلسلے میں معلوماتی سیمینار

تربت (آن لائن) ٹیچنگ ہسپتال تربت کے شعبہ اطفال کے زیر اہتمام عالمی "بریسٹ فیڈنگ آگاہی" کے سلسلے میں ایک جامع اور معلوماتی سیمینار منعقد ہوا۔ اس سیمینار میں فیکلٹی ممبران، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کا مقصد معاشرتی اور پیشہ ورانہ ماحول میں ماں کے دودھ کی اہمیت اور فروغ کے طریقہ کار پر روشنی ڈالنا تھا تقریب میں مختلف موضوعات پر ماہرین نے اپنے لیکچرز پیش کیے ڈاکٹر پیر جان اسسٹنٹ پروفیسر اطفال نے کمیونٹی اور ورک پلیس میں بریسٹ فیڈنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور سماجی و ساختی رکاوٹوں کو دور کرنے کے عملی طریقے بیان کیے ڈاکٹر جاکر کنسلٹنٹ پیڈی ایٹریشن نے قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں اور ہونٹ و تالو کے ساتھ پیدا ہونے والے بچوں میں بریسٹ فیڈنگ کے خصوصی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔

مسعود جمالی نے سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کے عہدے کا چارج سنبھال لیا

اوستہ محمد (اے این این) مسعود علی جمالی نے سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقے کی ممتاز سماجی، سیاسی اور قبائلی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں میر غلام مرتضی خان شہرانی جمالی، میر اعجاز خان بجوانی میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے کونسلر محمد بچل سومرو، کونسلر ملک محمد انور ہنگوڑی میر سمیع مرتضی خان جمالی، حاجی محمد انور ہنگوڑی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی اور مسعود علی جمالی کو نئے منصب پر فائز ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ شرکاء نے اس موقع پر نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مسعود علی جمالی اپنی قابلیت، تجربے اور خدمت کے جذبے کے ساتھ مارکیٹ کمیٹی کے امور کو نہایت خوش اسلوبی سے چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسعود علی جمالی ایک دیانتدار، فرض شناس اور معاملہ فہم شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان کی تقرری مارکیٹ کمیٹی کے لیے ایک خوش آئند قدم ہے، جو نہ صرف ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنائے گا بلکہ عوامی فلاح و بہبود اور علاقے کی ترقی میں بھی مثبت تبدیلی لائے گا۔

وڈیرہ غلام نبی شمبانی بگٹی: نگہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز

تحریر: محمد عابد بگٹی

وڈیرہ غلام نبی شمبانی، دو سو سالہ جو ہمارے زمانے کا ایک عظیم الشان باب ہے۔ وہ بہادر ہیں جو میدان میں قدم رکھتے ہیں تو دشمنوں کی ہمت جواب دے جاتی ہے۔ ان کی بہادری فقید المثال ہے، جیسے کوئی افسانوی کردار حقیقت کا روپ دھار کر ہمارے درمیان آ گیا ہو۔ قت البلند کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے انہوں نے ثابت کیا کہ ان کا جگر شیر سے کم نہیں، اور ان کی ہر گوئی حق اور وطن کی حفاظت کا عہد ہے۔ مہمان نوازی میں وڈیرہ صاحب کا کوئی ثانی نہیں۔ ان کا دسترخوان ہمیشہ پھیلا رہتا ہے بلوچ تاریخ کا علم وڈیرہ غلام نبی شمبانی کے پاس بہتا خزانے کی مانند ہے۔ وہ ہر واقعہ، ہر روایت کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ گویا وہ خود اس زمانے میں موجود تھے۔ ان کا علم کتابوں سے نہیں، بلوچستان کی مٹی سے اٹھتا ہے، اس کی رگ و ریشے سے نکلتا ہے دور اندیشی میں وڈیرہ صاحب کا کوئی مقابلہ نہیں۔ ان کی سوچ ایسی کہ جیسے عقاب آسمان کی بلندیوں سے زمین کے ہر گوشے کو دیکھ لے۔ وڈیرہ غلام نبی شمبانی کی عظمت دیکھ کر دل کہتا ہے کہ وہ ہمارے لیے ایک نعمت ہیں اللہ انہیں لمبی عمر دے۔

صحبت پور، صحافیوں پر ایف آئی آر درج کرنے پر صحافی سراپا احتجاج بن گئے

صحبت پور، پنہور سنہری کے صحافیوں نے پریس کلبز کے سامنے احتجاج ریکارڈ کرایا

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور کے صحافیوں پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایف آئی آر درج کرانے کے بعد صحافی برادری سراپا احتجاج ہو گئے ڈسٹرکٹ صحبت پور پریس کلب اور تحصیل پریس کلب پنہور سنہری کے صحافیوں نے احتجاج اپنے اپنے پریس کلبز کے سامنے احتجاج ریکارڈ کرایا تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور کے صحافیوں ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس صحبت پور کے صدر جمل خان بلوچ عوامی پریس کلب کے صدر حوران خان جکھرانی اور کی این ٹی وی کے رپورٹر مشتاق عزیز پر ضلعی انتظامیہ صحبت پور کی جانب سے ایف آئی آر درج کرائی گئی جس کی وجہ سے آج ضلع بھر کے صحافیوں نے اپنے اپنے پریس کلبز میں بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاجی مظاہرہ کیا ڈسٹرکٹ صحبت پور پریس کلب کے سامنے عوامی پریس کلب صحبت پور، ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور اور تحصیل پریس کلب مانجھی پور کے صحافیوں نے احتجاج ریکارڈ کروایا

شہریوں اپنی موٹر سائیکلیں باقاعدہ رجسٹرڈ کروائیں، نوراحمد

شوروم میں بغیر کاغذات موٹر سائیکل کی خرید و فروخت پر پابندی عائد ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار) سب انسپکٹر نوراحمد، انچارج ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس اوستہ محمد نے نمائندہ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈی جی ایکسائز ٹیکسیشن بلوچستان اور ای ٹی او جعفرآباد جاوید احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے اوستہ محمد کے تمام موٹر سائیکل شوروم مالکان کو نوٹس کے ذریعے مطلع کر دیا گیا ہے کہ آج کے بعد کسی بھی شوروم میں بغیر کاغذات موٹر سائیکل کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد ہے، انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کسی بھی شوروم میں بغیر کاغذات یا چوری شدہ موٹر سائیکل پائی گئی تو شوروم مالک کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اور اس کی مکمل ذمہ داری متعلقہ شوروم مالک پر عائد ہوگی، انچارج ایکسائز اوستہ محمد نے مزید کہا کہ شہریوں کو چاہیے کہ اپنی موٹر سائیکلیں باقاعدہ رجسٹرڈ کروائیں، سندھ یا دیگر علاقوں کے بجائے بلوچستان میں رجسٹریشن کو ترجیح دیں، تاکہ صوبے کی آمدنی میں اضافہ ہو اور عوام کو مقامی سطح پر سہولت میسر ہو، انہوں نے کہا کہ محکمہ ایکسائز مناسب فیس پر رجسٹریشن کی سہولت فراہم کر رہا ہے، عوام اس سے فائدہ اٹھائیں۔

اشتہار برائے بھرتی کنٹریکٹ ملازمین محکمہ صحت ضلع ڈیرہ بگٹی

بحوالہ جناب سیکرٹری محکمہ صحت بلوچستان کے نوٹیفکیشن نمبر SO-(BI)/H/-9-3/A.A/2025-26/726-39 مورخہ 03 ستمبر 2025ء کے تحت محکمہ صحت ضلع ڈیرہ بگٹی کے خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے ضلع ڈیرہ بگٹی کے لوکل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں جو کہ ایک سال کیلئے کنٹریکٹ کے بنیاد پر بھرتی کئے جائیں گے ان عارضی بھرتیوں کیلئے تحصیل ڈیرہ بگٹی کے پوسٹوں کے امیدواران کے واک ان انٹرویو ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کے دفتر میں منعقد ہونگے جبکہ تحصیل پھیلاوغ کے پوسٹوں پر درخواست گزار امیدواران کے واک ان انٹرویو آر ایچ سی بکھڑ میں مندرجہ ذیل تاریخوں میں منعقد ہونگے۔

1:۔ ڈی ایچ او آفس ڈیرہ بگٹی

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	ہیلتھ فیسلٹی	یونین کونسل	تعلیمی قابلیت	تاریخ انٹرویو
1	ڈسپنسر	06	02	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	06-10-2025
2	ویکسینیٹر	05	01	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	06-10-2025
3	ڈرائیور	04	01	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	مڈل بمعہ ایل ٹی وی لائسنس یافتہ	06-10-2025
4	مڈوائف	02	01	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	06-10-2025
5	خاکروب	01	01	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	06-10-2025
6	نائب قاصد	01	01	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	06-10-2025
7	چوکیدار	01	01	آر ایچ سی پیر کوہ	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	06-10-2025
8	میڈیکل ٹیکنیشن	09	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	06-10-2025
9	فیمیل میڈیکل ٹیکنیشن	09	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	06-10-2025
10	لیڈی ہیلتھ وزیٹر	09	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	06-10-2025
11	دائی	02	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	مڈل بمعہ دائی ٹریننگ سرٹیفکیٹ	06-10-2025
12	نائب قاصد	01	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	06-10-2025
13	ڈسپنسر	06	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	06-10-2025
14	ویکسینیٹر	05	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	06-10-2025
15	مڈوائف	02	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	06-10-2025
16	چوکیدار	01	01	آر ایچ سی سرمین کلی فضل	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	06-10-2025
17	ڈسپنسر	06	01	سی ڈی کلی گسی	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	07-10-2025
18	ویکسینیٹر	05	01	سی ڈی کلی گسی	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	07-10-2025
19	مڈوائف	02	01	سی ڈی کلی گسی	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	07-10-2025
20	چوکیدار	01	01	سی ڈی کلی گسی	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی	07-10-2025
21	ڈسپنسر	06	01	سی ڈی کلی نگہبان تو خانی	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	07-10-2025
22	ویکسینیٹر	05	01	سی ڈی کلی نگہبان تو خانی	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	07-10-2025
23	مڈوائف	02	01	سی ڈی کلی نگہبان تو خانی	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	07-10-2025
24	چوکیدار	01	01	سی ڈی کلی نگہبان تو خانی	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	07-10-2025
25	چوکیدار	01	02	آر ایچ سی سوہور 01 ایم سی ایچ مالم 01	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	07-10-2025
26	نائب قاصد	01	01	ایم سی ایچ مالم	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	07-10-2025
27	خاکروب	01	03	سی ڈی جڑود 01 سی ڈی ٹلگواش 01 ڈی ایچ او آفس 01	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	07-10-2025
28	ویکسینیٹر	05	01	سی ڈی کلی غلام رسول موضع شازین	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	08-10-2025
29	مڈوائف	02	01	سی ڈی کلی غلام رسول موضع شازین	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	08-10-2025
30	چوکیدار	01	01	سی ڈی کلی غلام رسول موضع شازین	پھیلاوغ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	08-10-2025
31	ڈسپنسر	06	01	سی ڈی کلی دل مراد	زین کوہ	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	08-10-2025
32	ویکسینیٹر	05	01	سی ڈی کلی دل مراد	زین کوہ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو	08-10-2025
33	مڈوائف	02	01	سی ڈی کلی دل مراد	زین کوہ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	08-10-2025
34	چوکیدار	01	01	سی ڈی کلی دل مراد	زین کوہ	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	08-10-2025
35	ڈسپنسر	06	01	سی ڈی کلی حسین سنری مٹ	سوئی	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	08-10-2025
36	چوکیدار	01	01	سی ڈی کلی حسین سنری مٹ	سوئی	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	08-10-2025
37	ایل ایچ وی	09	03	ایم سی ایچ مالم 01 ایم سی ایچ سوئی 01 ایم سی ایچ ڈیرہ بگٹی 01	پھیلاوغ ایم سی سوئی ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس بمعہ ایل ایچ وی ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	08-10-2025
38	نرسنگ اردلی	04	01	سی ڈی سو	ڈیرہ بگٹی	میٹرک پاس ہو	08-10-2025
39	کمپوڈر	06	01	سی ڈی سو	حصہ سوئی	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	08-10-2025

2:۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	ہیلتھ فیسلٹی	یونین کونسل	تعلیمی قابلیت	تاریخ انٹرویو
1	ڈیٹا انٹری آپریٹر	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	ایف اے/ایف ایس سی بمعہ ایک سال ڈپلومہ	09-10-2025
2	آئی سی یو ٹیکنیشن	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور آئی سی یو ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
3	فزیو تھراپی ٹیکنیشن	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور فزیو تھراپی ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
4	وارڈ بوائے آئی سی یو	02	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک پاس	09-10-2025
5	میڈیکل ٹیکنیشن آئی سی یو	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور میڈیکل ٹیکنیشن آئی سی یو کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
6	اینستھیزیا ٹیکنیشن	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور اینستھیزیا ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
7	او ٹی ٹیکنیشن	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور او ٹی ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
8	ڈائلیسز ٹیکنیشن	09	02	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور ڈائلیسز ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
9	آئی ٹیکنیشن	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور آئی ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
10	لیب ٹیکنیشن	09	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس اور لیب ٹیکنیشن کا امتحان بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس کیا ہو	09-10-2025
11	کمپوڈر	06	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس ہو	09-10-2025
12	نائب قاصد	04	02	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	پرائمری پاس کو ترجیح دی جائے گی	09-10-2025
13	نرسنگ اردلی	04	01	ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ بگٹی	ایم سی ڈیرہ بگٹی	میٹرک پاس ہو	09-10-2025

شرائط:۔ (1) عمر کی حد 18 سے 43 سال تک ہوگی (2) انٹرویو کے وقت امیدوار کو اپنے اصلی دستاویزات کے ہمراہ حکومت بلوچستان کی طرف سے تشکیل شدہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی ڈیرہ بگٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا۔ (3) ٹیکنیکل آسامیوں کے لئے آنے والے امیدواروں کو متعلقہ ادارے سے تعلیمی سرٹیفکیٹ ڈپلومہ کے تصدیق کے بعد تقرری کے احکامات جاری کیے جائیں گے۔ (لیڈی ہیلتھ ورکرز کی امیدواران درخواست کے ساتھ نکاح نامہ ضرور جمع کرائیں۔ (4) امیدوار اپنے درخواست کے ساتھ دو عدد پاسپورٹ سائز تازہ تصویر اور اپنے تعلیمی اسناد/ ڈپلومہ سرٹیفکیٹ کا ایک سیٹ اپنے ہمراہ لائیں۔ (5) پہلے سے سرکاری ملازم اپنے درخواستیں اپنے محکمے کے توسط سے بمعہ این او سی جمع کرائیں۔ (6) مشتہر شدہ آسامیوں میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ (7) حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور امیدواران، غیر مسلم اور خواتین کے لئے کوٹہ مختص ہے جس پر عمل درآمد کیا جائے گا (8) انٹرویو ٹیسٹ میں آنے والوں کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا (9) انٹرویو کے دوران اپنے اصلی کاغذات ساتھ لائیں۔ (10) تمام آسامیوں کی مدت ایک سال کنٹریکٹ کی بنیاد پر عارضی ہوگی۔ (11) تمام بھرتیاں یونین کونسل کی بنیاد پر ہوگی۔ متعلقہ یونین کونسل سے تعلق رکھنے والے امیدوار (جو تعلیمی قابلیت پر پورا اترتے ہیں) کو ترجیح دی جائے گی۔ (12) تعلیمی قابلیت کا معیار متعلقہ آسامی کے سروس رولز کے مطابق تصور کیا جائے گا۔ (13) تمام بھرتی شدہ افراد کو کسی قسم کی پنشن، جی پی فنڈ نہیں دی جائے گی۔ (14) تمام امیدواروں کو سرکاری ملازمت رولز کی پابندی کرنی ہوگی۔ (15) اگر کوئی امیدوار کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو اس کو بغیر کسی نوٹس کے ملازمت سے برخاست کیا جائے گا۔ (16) تمام امیدواران کو جائے تعیناتی رپورٹ کرنے پر کوئی سفری خرچ نہیں دی جائے گی۔ (17) تمام امیدواروں کو اپنی تعیناتی پر میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔ (18) اگر کسی مرحلے پر کسی امیدوار کے کاغذات جعلی ہوئے تو اس کی تعیناتی کو منسوخ کیا جائیگا اور اسکے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جائے گی (19) تمام امیدواروں کی ملازمت نا قابل تبادلہ اور نا قابل ایڈجسٹ ہوگی۔

ڈپٹی کمشنر/چیئرمین ڈی ایچ سی ڈیرہ بگٹی

PRQ No1424/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to NIT with TSE-252609854843 published in Daily newspapers vide PRQ No. 1247/13-09-2025, the eligibility criteria has been updated. All other terms and conditions shall remain the same.

**Executive Engineer,
Patfeeder Canal Division
Dera Murad Jamali**

PRQ No.1421/22-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خاران

اشتہار بحکم احضار ملزمان (8 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

FIR نمبر 52/2025 CTD خاران ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان سعداللہ عرف ہشام ولد ابراہیم، وحید ولد سہراب خان، مقدر حسین ولد خواتی خان اقوام ملازئی، شہزادہ ولد محبوب، رسول بخش ولد نذیر احمد اقوام ملازئی ساکنان خاران جو زیر دفعہ 3,4,5 ایکسپلوسو 186,353 ت پ (2) (1) 11-F, ATA 7 مرتکب ہوئی ہے یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتی اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان سعداللہ عرف ہشام ولد ابراہیم، وحید ولد سہراب خان، مقدر حسین ولد خواتی خان اقوام ملازئی، شہزادہ ولد محبوب، رسول بخش ولد نذیر احمد اقوام ملازئی ساکنان خاران کو لازم ہے کہ بتاریخ 02 اکتوبر 2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خاران میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائیں۔ نیز مفرور ملزمان کی جانب سے مسٹر رشید احمد ہوتکانی ایڈووکیٹ کو کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی خاران

PRQ No1430/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی نوشکی

اشتہار بحکم احضار ملزمان زیر دفعہ (8 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

FIR نمبر 46/2025 CTD رخشان (1) مسمی ہارون ولد علی بخش سکنہ نوشکی (2) احسان ولد علی بخش سکنہ نوشکی (3) سلال ولد نذیر احمد نوشکی جرم زیر دفعہ 341 ت پ 7ATA 11-F (i) (ii) 324,302ق 353-186 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) ہارون (2) احسان پسران علی بخش (3) سلال ولد نذیر احمد ساکن نوشکی کو لازم ہے کہ بتاریخ 01 ماہ اکتوبر 2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام نوشکی میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ نوشکی

PRQ No1429/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار بابت اطلاع امیدواران برائے تقرری عارضی خالی آسامیاں فیز۔ III ضلع کوئٹہ

بحکم ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (چیئرمین ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی) ان تمام (مرد/ خواتین) امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے جنہوں نے اشتہار PRQ No.35/03-07-2025 اور PRQ No.278/28-07-2025 کے تحت ٹیچنگ اسٹاف BPS-14 اور 15 کی آسامیوں کیلئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ کے دفتر میں اپنی درخواستیں جمع کرائی تھیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کی درخواستوں کی عارضی فہرست، دیگر متعلقہ کوائف کے ساتھ بڑے تصدیق انظرثانی دفتر ہذا کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کیا گیا ہے۔ ان تمام امیدواران جن کے نام فہرست میں موجود ہیں اور دیگر مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ منسلک نہیں ہیں یا کوائف میں کوئی کمی بیشی یا غلطی کی صورت میں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درخواستیں مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ دفتر ہذا میں مورخہ 27 ستمبر 2025 تک جمع کرائیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد جمع ہونے والی درخواست یا دستاویزات پر غور نہیں کیا جائے گا۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ

PRQ No1442/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

RE-TENDER NOTICE

The office of Assistant Director Local Government Ziarat calls the **PRQ No. 367/01-08-2025** as canceled due to some technical issues in the evaluation process & same is retendered as on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under **PSDP 2025-26**, Time limit for each scheme is 3 months & **3% EARNEST MONEY** for each Scheme. Tender Fees for each scheme are Rs. 1500. National Bank of Pakistan Code **C03870**.

S#	Name of Work	E/Cost
1.	DRILLING AND DEVELOPMENT OF SOLAR BORE AT AGRICULTURE LAND OF WALI MOHAMMAD S/O AKHTAR MUHAMMAD KAWAS GHARBI (MURGHA KAWAS) DISTRICT ZIARAT. **PSDP No. 3601 Z2025.1341 TSE-252609867923**	15.0 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (nonrefundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. If Others please specify (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from https://bppthree.vdc.services/tenderssearch **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 8th October, 2025 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 8th October, 2025 at the office of the undersigned at **09:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **10:00 A.M Address:** Office of Assistant Director Local Government District Ziarat, Ziarat. **Phone No. 0833920032,** **Email:** msdqkakar@gmail.com

**Assistant Director
Local Government & Rural
Development Ziarat**

PRQ No.1415/22-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے ٹیسٹ انٹرویو درجہ چہارم امیدواران ضلع ڈیرہ بگٹی

بحوالہ اشتہار PRQ No .1398/19-09-2025 بمورخہ 19 ستمبر 2025ء کو مقامی اخبارات کے تحت ضلع ڈیرہ بگٹی کے وہ تمام درخواست دہندگان جنہوں نے محکمہ ریونیو ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی کے درجہ چہارم کے خالی آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کئے تھے جو کہ بمورخہ 23 ستمبر 2025ء کو ہونے تھے اب وہ ٹیسٹ انٹرویو درجہ ذیل شیڈول کے مطابق منعقد ہونگے لہذا مقررہ وقت اور مقام انٹرویو کیلئے اپنی شرکت یقینی بنائیں انٹرویو میں آنے والے امیدواران کو کوئی سفری خرچہ نہیں دیا جائیگا انٹرویو کے دن امیدوار اپنے تمام اصل کاغذات بمعہ قومی شناختی کارڈ ضرور لائیں تاریخ اور وقت کا خاص خیال رکھیں۔

1:۔ تحصیل ڈیرہ بگٹی تحصیل سوئی اور سب تحصیل پیر کوہ کے امیدواران کیلئے

نمبر شمار	نام آسامی	تفصیل سیریل نمبر	بمقام	تاریخ انٹرویو	وقت
1	نائب قاصد B-01	سیریل نمبر 01 تا 310	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	25 ستمبر 2025	صبح 09 تا دن 02 بجے
2	نائب قاصد B-01	سیریل نمبر 311 تا 614	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	26 ستمبر 2025	صبح 09 تا دن 01 بجے
3	ڈرائیور B-04	سیریل نمبر 01 تا 26	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	27 ستمبر 2025	صبح 09 تا صبح 10 بجے
4	چوکیدار B-01	سیریل نمبر 01 تا 127	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	27 ستمبر 2025	صبح 10 تا دن 02 بجے
5	بہشتی B-01	سیریل نمبر 01 تا 17	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	27 ستمبر 2025	دن 02 تا 2:30 بجے
6	بیلدار B-01	سیریل نمبر 01 تا 10	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	27 ستمبر 2025	دن 2:30 تا 03 بجے
7	خاکروب B-01	سیریل نمبر 01 تا 114	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	28 ستمبر 2025	صبح 09 تا 11:30 بجے
8	گنگ B-01	سیریل نمبر 01 تا 08	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	28 ستمبر 2025	صبح 11;30 تا دن 12 بجے
9	مالی B-01	سیریل نمبر 01 تا 09	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	28 ستمبر 2025	دن 12 تا دن 12:30 بجے
10	خواتین امیدواران	سیریل نمبر 01 تا 09	ڈپٹی کمشنر آفس ڈیرہ بگٹی	28 ستمبر 2025	دن 12:30 تا دن 01 بجے

2:۔ صرف تحصیل پھیلاوغ کے امیدواران کیلئے

نمبر شمار	نام آسامی	تفصیل سیریل نمبر	بمقام	تاریخ انٹرویو	وقت
1	نائب قاصد B-01	سیریل نمبر 01 تا 48	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	صبح 09 تا دن 02 بجے
2	ڈرائیور B-04	سیریل نمبر 01 تا 07	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	صبح 11 تا صبح 11:30 بجے
3	چوکیدار B-01	سیریل نمبر 01 تا 17	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	صبح 11:30 تا دن 12:30 بجے
4	بہشتی B-01	سیریل نمبر 01 تا 03	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	دن 12:30 تا دن 01:00 بجے
5	بیلدار B-01	سیریل نمبر 01 تا 02	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	دن 01 تا دن 01:30 بجے
6	خاکروب B-01	سیریل نمبر 01 تا 13	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	دن 01:30 تا دن 02:30 بجے
7	گنگ B-01	سیریل نمبر 01 تا 03	آفیسرز ریسٹ ہاؤس نزد ائیرپورٹ بکھڑ	30 ستمبر 2025	دن 02:30 تا دن 03:00 بجے

ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی

PRQ No1434/22-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Assistant Director Local Government & Rural Development Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates. Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	CONST/INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR JAMIA MASAJID KILLI TAREEN SHAR, HASHIM SCHEM. (2173) (PSDP NO. **3382**) **TSE-252609863573**	15,000,000
2	SOLARIZATION OF EXISTING WSS ASHRAF NAWA KILLI, HAJJI NAWAB AKA, MAHFIZ COLONY, GULZAIB. (2177) (PSDP NO. **4519**) **TSE-252609863643**	20,000,000
3	CONST/INSTALLATION OF SINGLE ARM SOLAR STREET LIGHTS FOR KILLI GUL MUHAMMAD JOINT AREA QUETTA. (2194)(PSDP NO. **3351**) **TSE-252609863793**	24,000,000
4	CONST/INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR JAMIA MASAJID KILLI KOTWAL, KILLI UMER. (2196) (PSDP NO. **3353**) **TSE-252609864623**	13,840,000
5	CONST/INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR JAMIA MASAJID KILLI SARA GHURGAI, HANNA URK, (2213) (PSDP NO. **3413**) **TSE-252609864103**	15,000,000
6	CONST/INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR JAMIA MASAJID KILLI KHILJI ABAD SHABIKHAIL, SAHIBZADA AREA. (2214) (PSDP NO. **3418**) **TSE-252609864153**	17,000,000
7	CONST/INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR JAMIA MASAJID ZARGHOON ABAD PHASE (I, II, III). (2215) (PSDP NO. **3420**) **TSE-252609864613**	16,150,000
8	CONST/INSTALLATION OF SINGLE ARM SOLAR STREET LIGHTS FOR NAWA KILLI JOINT AREA QUETTA. (2232) (PSDP NO. **3480**) **TSE-252609864583**	24,000,000
9	CONST/INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR JAMIA MASAJID KHILJI ABAD, KILLI ALMAAS AREA. (2233)(PSDP NO. **3481**) **TSE-252609864183**	17,300,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Fresh Audit report of the firm of last three years. The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work **Turn over of at least 10,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for work at S.NO.1. Turn over of at least 14,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for work at S.No.2. Turn over of at least 16,800,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for work at S.No.3. Turn over of at least 9,680,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for work at S.No4. Turnover of at least 10,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. For work at S.No.5 Turn over of at least 11,900,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm For work at S.No.6 Turn over of at least 11,305,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for work no.7 Turn over of at least 16,800,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm work at S.No.8 Turn over of at least 12,110,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for work at S.No.9 Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE11(i) (Solar) EE 11 (vi) General electrical works only. For work at S.No.1 and S.No.2, S.No.3., S.No.4. .No.5. .No.6. .No.7.No.8. .No.9.. Tender processing fee of amount Rs. 2000 in account No. C03870 having head, Senior AD LG Quetta** Bid Security of 2% of estimated cost Tender processing fee of amount Rs. 2000 in account No. C03870 having head, Senior AD LG Quetta. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 07th October, 2025 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **07**th October, 2025 till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under signed at 10:30 AM. **Address:** Senior Assistant Director, Local Government & Rural Development Quetta. **Phone no: 0081920209** **Email:** sadlgrdquetta@gmail.com

**SENIOR ASSISTANT DIRECTOR
Local Government & Rural
Development Quetta**

PRQ No.1418/22-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — وزیر اعلیٰ

کے جاسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا وویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جارہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جاسکے

بقیہ 2 — میر سرفراز بگٹی

نے پیر کے روز بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ عبدالمجید بادینی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل آغا، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی سمیت مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور ریٹائرڈ افسران بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زیر تربیت افسران کو میرٹ پر انتخاب اور اپنے ہی صوبے میں سول سروس کی تربیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک وقت میں ایک ننھا پودا تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ اس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد اور اعلیٰ معیار کا ادارہ بنایا جائے گا جہاں ملک بھر سے افسران تربیت حاصل کرنے کو باعث فخر سمجھیں گے انہوں نے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے سے تربیت مکمل کرنے کے بعد جب آپ دفاتر جوائن کریں گے تو آپ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جائیں گی آپ کو خود کو صرف افسر نہیں بلکہ عوام کا خدمتگار اور رہنما سمجھ کر پاکستان اور خصوصاً بلوچستان کے لیے پوری نیک نیتی اور لگن کے ساتھ کام کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایک شاندار مستقبل آپ سب کا منتظر ہے تاہم حقیقی کامیابی عوام کی خدمت سے ہی جڑی ہوئی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپ سب کا انتخاب میرٹ پر ہوا ہے، لہٰذا آپ سے توقعات بھی بہت زیادہ ہیں۔ آپ نے بلوچستان کے عام شہری کے لیے کام کرنا ہے، وہ عام آدمی جو سخت سردیوں میں ٹھٹھرتا ہے اور گرمیوں میں جھلستا ہے سول سروس میں تقرری، تعیناتی اور ترقی معمول کی بات ہے لیکن معاشرہ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتا ہے جو کچھ منفرد اور یادگار کام سرانجام دیتے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ پاکستان اور محروم طبقے کی خدمت کو اپنی پہچان بنائیں۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کی ترقی کے لیے وسائل کی فراہمی کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ جس طرح دیگر شعبوں کے لیے وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں اسی طرح اس اکیڈمی کی ضروریات اور بہتری کے لیے بھی بلا جھجک وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا خواب ہے کہ یہ ادارہ اتنا معیاری اور مثالی بنے کہ ملک کے تمام صوبوں کے افسران یہاں تربیت حاصل کرنا اعزاز سمجھیں انہوں نے کہا کہ ہم یہاں آپ کی خدمت اور رہنمائی کے لیے موجود ہیں، لہٰذا آپ بھی اپنی توانائیاں عوامی خدمت کے لیے وقف کریں۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے نئے تدریسی و انتظامی بلاک کا بھی افتتاح کیا۔

بقیہ 3 — فوجی تنصیبات

اپیلوں کا تفصیلی تحریری فیصلہ جاری کردیا گیا، تفصیلی اکثریتی فیصلہ جسٹس امین الدین خان نے تحریر کیا۔ جسٹس امین الدین خان نے 68 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا، جسٹس محمد علی مظہر نے 47 صفحات کا اضافی نوٹ لکھا۔ جسٹس امین جسٹس، جسٹس حسن رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس شاہد بلال نے اضافی نوٹ سے اتفاق کیا۔ جبکہ جسٹس جمال مندوخیل جسٹس نعیم افغان نے اختلافی نوٹ تحریر کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے انٹرا کورٹ اپیل میں ملٹری ٹرائل کی اجازت دے دی تھی۔ سویلین کے کورٹ مارشل کے حوالے سے انٹرا کورٹ اپیلوں پر فیصلہ 7 مئی 2025 کو سنایا گیا تھا، سپریم کورٹ کے سات رکنی آئینی بینچ نے انٹرا کورٹ اپیلوں پر فیصلہ سنایا تھا، سپریم کورٹ کے پانچ ججز نے انٹرا کورٹ اپیلوں کو منظور اور دو ججز نے مسترد کیا تھا۔ تفصیلی فیصلے میں لکھا گیا کہ آرمی ایکٹ آئین کے مطابق ہے، فوجی تنصیبات پر حملے وفاقی قوانین کے دائرہ کار میں آتے ہیں۔ 9 مئی واقعات عام ہنگامہ آرائی نہیں، براہ راست وفاقی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ سپریم کورٹ نے اپنے تفصیلی تحریری فیصلے میں کہا کہ فوجی ایکٹ کے تحت شہریوں کو اپیل کا حق حاصل ہے، اپیل کا حق موثر اور حقیقی ہونا ضروری ہے، فوجی ٹرائل میں شفافیت اور منصفانہ کارروائی لازم ہے۔ تفصیلی اکثریتی فیصلہ جسٹس امین الدین خان نے تحریر کیا۔ سویلین کے کورٹ مارشل کے حوالے سے انٹرا کورٹ اپیلوں پر فیصلہ 7 مئی 2025 کو سنایا گیا تھا۔ سویلین کے کورٹ مارشل کے حوالے سے انٹرا کورٹ اپیلوں کا تفصیلی تحریری فیصلہ جاری کردیا گیا، تفصیلی اکثریتی فیصلہ جسٹس امین الدین خان نے تحریر کیا، جسٹس امین الدین خان نے 68 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا، جسٹس محمد علی مظہر نے 47 صفحات کا اضافی نوٹ لکھا۔ جسٹس امین جسٹس، جسٹس حسن رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس شاہد بلال نے اضافی نوٹ سے اتفاق کیا۔ جبکہ جسٹس جمال مندوخیل جسٹس نعیم افغان نے اختلافی نوٹ تحریر کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے انٹرا کورٹ اپیل میں ملٹری ٹرائل کی اجازت دے دی تھی۔ تفصیلی تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ مناسب آئینی رولز آرمی ایکٹ کی دفعات کو یکسر کالعدم کرنا نہیں، آرمی ایکٹ میں بنیادی ضابطہ موجود مگر عام شہریوں کیلئے مناسب اپیل کے فورم کا فقدان ہے، فوجی عدالتوں سے سزا یافتہ شہریوں کے لیے ہائیکورٹس میں آزادانہ اپیل کے لیے قانون سازی کو پورا کیا جانا چاہیے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے میں یہ بھی کہا گیا کہ کیس کے دوران اٹارنی جنرل نے کئی بار حق اپیل پر حکومتی ہدایات کیلئے وقت لیا، پانچ مئی کو آخری سماعت پر بھی اٹارنی جنرل نے ایسا ہی کہا، اٹارنی جنرل نے کہا عدالت ہدایت دے تو پارلیمنٹ میں قانون سازی ہوسکتی ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا عدالتی حکم کو سنجیدگی سے لیا جائے گا۔

بقیہ 4 — پاک سعودی

نے اجلاس بلانے کی سمری وزیراعظم کو بھجوادی ہے۔ اجلاس 29 ستمبر کی شام 5 بجے بلانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت قومی اسمبلی کو پاک۔سعودی عرب دفاعی معاہدے پر اعتماد میں لے گی جبکہ وزیر دفاع خواجہ آصف اس حوالے سے پالیسی بیان دیں گے۔ پارلیمانی ذرائع نے کہا کہ قومی اسمبلی اجلاس دو ہفتے جاری رہے گا، اجلاس میں معمول کا سرکاری ایجنڈا بھی زیر بحث آئے گا مختلف بلز قانون سازی کے لیے پیش کئے جائیں گے۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان 18 ستمبر کو اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط ہوئے، جس کے تحت کسی بھی ایک ملک کے خلاف جارحیت کو دونوں ملکوں کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ مشترکہ اعلامیے میں بتایا گیا کہ ریاض میں سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ دونوں ممالک کی اپنی سلامتی کو بڑھانے اور خطے اور دنیا میں سلامتی اور امن کے حصول کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے، جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو فروغ دینا اور کسی بھی جارحیت کیخلاف مشترکہ دفاع و تحفظ کو مضبوط بنانا ہے۔ 18 ستمبر کو وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایک ٹی وی انٹرویو میں کہا تھا کہ پاک۔سعودی معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے جبکہ اس معاہدے میں دیگر عرب ممالک کی شمولیت کیلئے دروازے بند نہیں ہے۔

بقیہ 5 — غزہ جنگ

کے نام ایک اہم خط بھیجا ہے۔ حماس نے اس خط میں 60 روزہ جنگ بندی کے بدلے اسرائیل کے نصف یرغمالیوں کو رہا کرنے کی پیشکش کی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز نے ٹرمپ انتظامیہ کے ایک سینئر اہلکار اور براہ راست مذاکرات میں شامل ایک ذریعے کے حوالے سے اس خبر کی تصدیق کی ہے۔ بعدازاں اس رپورٹ کی تصدیق اسرائیلی اخبار ٹائمز آف اسرائیل نے بھی اپنی آزاد ذرائع سے کی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ خط فی الحال قطر کے پاس ہے اور رواں ہفتے کے آخر میں صدر ٹرمپ کو پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 6 — سفارش

کی معلومات دینے والوں کی انعامی رقم 15 لاکھ روپے سے بڑھا کر 15 کروڑ کرنے کی سفارش کردی۔ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو عائشہ فاروق نے ممبران لینڈ ریونیو آپریشن لکھے خط میں کہا ہے کہ ٹیکس نادہندگان یا کم ٹیکس دینے کی معلومات دینے والوں کی رازداری کو یقینی بنانا ہوگا، معلومات دینے والوں کو قانونی تحفظ ملنا چاہیے۔

بقیہ 7 — اعتراضات عائد

دائر آئینی درخواستوں پر اعتراضات عائد کرتے ہوئے انہیں واپس کر دیا۔ ذرائع کے مطابق رجسٹرار آفس نے قرار دیا کہ درخواست گزاروں نے واضح نہیں کیا کہ درخواستوں میں کون سا مفاد عامہ کا سوال اٹھایا گیا ہے اور نہ ہی یہ بتایا گیا کہ ایسے کون سے بنیادی حقوق متاثر ہوئے ہیں جن کے تحت آئین کے آرٹیکل (3)184 کا دائرہ کار استعمال کیا جا سکتا ہے؟ اعتراض میں مزید کہا گیا ہے کہ درخواست گزاروں نے ذاتی رنجش کی بنیاد پر آئینی درخواستیں دائر کیں جبکہ سپریم کورٹ کے ذوالفقار مہدی بنام پی آئی اے کیس کے مطابق ذاتی رنجش کی بنیاد پر آرٹیکل (3)184 کے تحت درخواست دائر کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

بقیہ 8 — فلسطینی مشن

۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق لندن میں قائم فلسطینی مشن کے دفتر کو سفارت خانہ کا درجہ دیے جانے کے فوری بعد عمارت پر پرچم کشائی کی باوقار تقریب رکھی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فلسطینی سفیر حسام زملوط نے آج کے دن کو قومی جدوجہد کی تاریخ کا ایک سنگ میل قرار دیا۔ فلسطینی سفیر نے برطانوی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سفارت خانے کا درجہ دیا جانا نہ صرف تاریخی ناانصافیوں کی تلافی ہے بلکہ آزادی، وقار اور بنیادی انسانی حقوق پر مبنی مستقبل کے عزم کی تجدید بھی ہے۔

بقیہ 9 — وزیراعظم شہباز شریف

ممالک کے رہنماؤں کو ایک مشترکہ ملاقات کی دعوت دی ہے، جس میں علاقائی اور بین الاقوامی امن و سلامتی کے مسائل پر بات چیت ہوگی۔ وزیراعظم کی کویتی وزیراعظم شیخ صباح وصدر ورلڈ بینک اجے بانگا سے ملاقات بھی آج ہوگی۔ یہ ملاقاتیں مالیاتی واقتصادی پالیسی، بین الاقوامی سرمایہ کاری اور عالمی ترقیاتی مسائل پر مرکوز ہوں گی۔ دورے کے دوران شہباز شریف کلائمیٹ چینج و دیگر ہائیلیول اجلاسوں میں حصہ لے کر عالمی ماحولیات اور دو طرفہ تعلقات پر گفتگو کریں گے۔ وزیراعظم کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب 26 ستمبر کو ہوگا جس کے بعد وہ 27 ستمبر کو امریکا سے واپس وطن لوٹیں گے۔

بقیہ 10 — ایف بی آر

ہے کہ کئی جیولرز اپنی آمدنی کم ظاہر کر کے ٹیکس چھپا رہے ہیں، ٹیکس چھپانے والے جیولرز کے خلاف کارروائی شروع کی جارہی ہے جس کیلئے پہلے مرحلے میں پنجاب کے 900 جیولرز کی فہرست تیار کرلی گئی ہے جن کا تعلق لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد اور ملتان سے ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکس ریٹرن ان کی دکانوں، خرید و فروخت اور رہن سہن کے مطابق نہیں، کئی ہزار جیولرز ٹیکس نیٹ میں شامل ہی نہیں ہو رہے، ٹیکس کم دینے والے جیولرز سے نوٹسز کے ذریعے جواب طلب کیا جارہا ہے۔ اس حوالے سے ایف بی آر حکام نے کہا ہے کہ تمام سیکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لایا جارہا ہے، کسی تاجر اور صنعت کار کو بلاوجہ نوٹس نہیں دیں گے، ہر فرد اپنے حصے کا ٹیکس ایمانداری سے دے گا تو ملک چلے گا۔

بقیہ 11 — جسٹس محمد علی مظہر

سپر ٹیکس سے متعلق درخواستوں پر سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بینچ نے کی۔ درخواست گزاران کے وکیل احمد سکھیرا نے دلائل دیے، جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا کہ پیٹرول کی قیمت 150 سے 200 روپے ہو جائے تو کیا ونڈ فال پرافٹ ہوگا، چینی کی قیمت 160 سے 170 ہو جائے تو کیا پھر بھی ونڈ فال پرافٹ ہوگا۔ احمد سکھیرا نے کہا کہ سادگی بھی قیامت کی ادا ہوتی ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ کہیں یہ آپکی سادگی تو نہیں ہے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ آپ یہ کہہ سکتے تھے کہ کس پر کتنا ٹیکس لگنا چاہیے، احمد سکھیرا نے کہا کہ ان کے پالیسی بیان میں بھی تضاد ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ مطلب یہ کہ آپ صرف تناسب سے ناخوش ہیں۔

بقیہ 12 — دریائے سندھ

جاری ہے، نچلے درجے کے سیلاب ہیں۔ گدو بیراج پر بہاؤ 2 لاکھ 68 ہزار اور سکھر پر 3 لاکھ 10 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ دریائے چناب میں گنڈا سنگھ والا پر بدستور درمیانے درجے کا سیلاب ہے جبکہ ہیڈ اسلام اور ہیڈ سلیمانکی پر نچلے درجے کے سیلاب ہیں۔

بقیہ 13 — توشہ خانہ ٹو کیس

پیش کیا گیا۔ بانی پی ٹی آئی کے وکلا ارشد تبریز، ظہیر عباس اور بیرسٹر علی ظفر عدالت میں پیش ہوئے جبکہ وفاقی پراسیکیوٹرز ذوالفقار عباس نقوی اور بیرسٹر عمیر

مجید ملک کے ہمراہ پیش ہوئے۔ استغاثہ نے کیس کے آخری دو گواہوں کے بیانات ریکارڈ کرا دیے۔ گواہان میں نیب کے تفتیشی افسر محسن ہارون اور ایف آئی اے کے تفتیشی افسر شاہد پرویز شامل تھے۔ تفتیشی افسران پر وکیل صفائی 24 ستمبر کو جرح کریں گے۔

بقیہ 14 — اسحاق ڈار

۔ نائب وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان میں خواتین سیاست، عدلیہ، بیوروکریسی، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور افواج میں قائدانہ کردار ادا کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان دنیا کا پہلا مسلم ملک ہے، جس نے خاتون وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹو کو منتخب کیا، حالیہ برسوں میں پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ مریم نواز منتخب ہوئیں۔

بقیہ 15 — جسٹس محسن کیانی

محسن اختر کیانی نے وکیل سے کہا کہ آپ اپنا کیس سول کورٹ لے جائیں، سول کورٹ کا دائرہ اختیار بڑا ہے۔ سول جج ڈپٹی کمشنر کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کر کے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو بھیج سکتا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ہمارے کیس میں ڈپٹی کمشنر کے وکیل نے سول جج کو کہا کہ یہ آپ کا دائرہ اختیار نہیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیے کہ وکیل کا کام ہوتا ہے جج کو بکری سے شیر بنانا، اگر کوئی جج بکری بنا ہو تو اس کو شیر بنا دیں۔

بقیہ 16 — روس کی امریکا

ایک سال توسیع کی پیشکش ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے کہا روس ایک سال کیلئے اپنے جوہری ہتھیاروں کی تعداد برقرار رکھنے کیلئے تیار ہے، تاہم روس تب جوہری ہتھیاروں کی تعداد برقرار رکھے گا جب امریکا بھی ایسا ہی کرے۔

بقیہ 17 — بیرسٹر گوہر

سوشل میڈیا میں بہت سے رضا کار بھی موجود ہیں، سوشل میڈیا کو کوئی کنٹرول نہیں کرسکتا۔ راولپنڈی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر سے صحافی نے پوچھا کہ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا کون چلاتا ہے؟ اس پر ریاست کے خلاف جو چیزیں چلتی ہیں کیا آپ انہیں اون کرتے ہیں؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پارٹی کی سیاسی کمیٹی فیصلے کرتی ہے اور اس حوالے سے خان صاحب کی رہنمائی اس میں شامل ہوتی ہے

بقیہ 18 — محمد افضل

دین کے تنازع پر قتل کیا گیا تھا۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر کی لاش کی بازیابی کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ زردآلو، کوسٹ اور ٹکری کے پہاڑی سلسلوں میں تلاش کے دوران صرف محبت اللہ سالانی کی ہی لاش ملی۔ جسے کوسٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بقیہ 19 — وزیراعظم

بنایا جائے گا، زراعت، آئی ٹی، معدنیات، سیاحت اور قابل تجدید توانائی اہم شعبے ہیں، جن میں بیرون ممالک سے سرمایہ کاری آسکتی ہے۔

بقیہ 20 — عمران خان

کو عالمی سطح پر رابطے تیز اور بحال رکھنے چاہئیں، بانی نے کہا حرمین شریفین کی حفاظت ہمارے لئے سعادت ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ توشہ خانہ کیس میں ایک گواہ جھوٹا ثابت ہوا ہے، جھوٹی گواہی پر کیس ختم ہونا چاہیے، سابق ملٹری سیکرٹری نے بھی تمام دستاویزات کو درست قرار دیا، لگتا ہے اگلی دو تین سماعتوں میں کیس ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے اس کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی رہا ہو جائیں گے، بانی پی ٹی آئی نے اخبار پڑھے ہیں، انہوں نے کرکٹ پر بات کی۔ عمران خان نے کہا کہ محسن نقوی نے کرکٹ تباہ کردی، بانی نے کہا 2021 میں پاکستان نے انڈیا کو 10 وکٹوں سے ہرایا تھا، پی ٹی آئی نے کہا کہ ہمیں 2 تہائی اکثریت ملی تھی، ہمارا ووٹ چوری کیا گیا، ہمارے ووٹ چوری کر کے چوروں کو حکومت دی گئی، سزا یافتہ لوگوں کو ملک پر مسلط کیا گیا، پاکستان میں اخلاقیات کا جنازہ نکالا گیا ہے، 26 ویں ترمیم کے ذریعے عدلیہ کو مکمل طور پر دبا دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کئی ججز رول آف لا کیلئے کھڑے ہوئے ہیں، جو ججز رول آف لا کیلئے کھڑے ہیں، وہ قوم کے ہیرو ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ 27 ستمبر کے جلسے میں پوری قوم نکلے۔ میڈیا کا گلا گھونٹ دیا گیا ہے، یہ جلسہ قوم کی آزادی کیلئے ہے، بانی نے پارٹی کو ہدایت کی ہے جلسے کو کامیاب بنائیں۔ علیمہ خان نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے جلسے کی ذمہ داری علی امین گنڈاپور اور جنید اکبر کو سونپی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تین سال سے ہم نے اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مذاکرات کی کوشش کی، مذاکرات کے بجائے انہوں نے ہماری پارٹی کو مزید دبایا ہے، مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں، بیرسٹر گوہر، بیرسٹر سیف اور علی امین گنڈاپور کو کہا ہے اسٹیبلشمنٹ سے کوئی بات نہ کرے، جس نے بات کرنی ہے وہ جیل آئے۔

بقیہ 21 — پٹرولیم مصنوعات

مصنوعات کی درآمدات پر 2.538 ارب ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 5 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات پر 2.662 ارب ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا تھا۔ اگست 2025 میں پٹرولیم مصنوعات کا مجموعی درآمدی بل 1.193 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا

بقیہ 22 — ڈیگاری

باز ساتکزئی کی ضمانت منظور کر لی۔ پیر کو بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد اقبال کاسی کی عدالت میں ڈیگاری میں دوہرے قتل کیس میں ملزم سردار شیر باز کی درخواست ضمانت منظور کرلی عدالت نے سردار شیر باز کی ضمانت پانچ لاکھ کے مچلکوں کے عوض منظور کی ہے سردار شیر باز کی جانب سے ڈیگاری قتل کیس میں ضمانت کی درخواست دائر کی گئی تھی سردار شیر باز کو ڈیگاری قتل کیس میں تین ماہ قبل گرفتار کیا گیا تھا

بقیہ 23 — مائنز اینڈ منرل

خودمختاری اور اٹھارویں ترمیم حق ملکیت کے منافی قرار اور اسے یکسر منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا گیا اجلاس میں اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ صوبے کی اپوزیشن جماعتیں صوبے کے عوام کی مفادات کی محافظ اور امین چلے آرہے ہیں اور ہر اس اقدام کی ہر فورم پر برملا مخالفت کرتے ہیں جو عوام کی مفادات کے خلاف ہو اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی قیادت میں پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے ارکان میں اے این پی کے صوبائی پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نیشنل پارٹی کے صوبائی ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ جماعت اسلامی کے پارلیمانی لیڈر مولانا ہدایت الرحمان بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر میر جہانزیب مینگل شامل ہے جو وزیر اعلیٰ کیساتھ مائنز اینڈ منرل ایکٹ 2025 بارے آل پارٹیز کے مطالبات سے آگاہ کریں گے پارلیمانی کمیٹی بعد ازاں سیاسی جماعتوں کی قیادت و حکومت کیساتھ پیش رفت سے آگاہ کرے گی اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبد الواسع صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا محمود شاہ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا بلوچستان بچاؤ فورم کے چیئرمین نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی اختر شاہ بلوچستان

کسی بھی قوم کا کلچر اجتماعی یادداشت ہونے کے ناطے ہزاروں سال پر محیط ہے، جعفر مندوخیل

اقدار، تجربات اور تاریخ ہماری مشترکہ شناخت اور مستقبل کی پیشرفت کی بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے، گورنر بلوچستان

انسان نے اپنی بدو باش کو ہر مرحلے پر ترقی دی اور کلچر سے سیویلائزیشن تک کا سفر کامیابی سے طے کیا جا رہا ہے

ہماری ثقافت ہمیں اجتماعیت اور اپنائیت کا احساس دلاتی ہے، گورنر کا پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ دن ہمیں اجتماعیت اور اپنائیت کا احساس دلاتا ہے۔ کلچر ایک قوم کی اجتماعی یادداشت ہونے کے ناطے، ہزاروں سالوں پر محیط ہے۔ اقدار، تجربات اور تاریخ، جو ہماری مشترکہ شناخت اور مستقبل کی پیشرفت کی بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے۔ کلچر وہ دھاگہ ہے جو ہمارے ماضی، حال اور مستقبل کو ایک ساتھ باندھتا ہے۔ کلچر کا اپنا ایک تاریخی پس منظر بھی ہے اور کلچر کی جڑیں ایگریکلچر میں ہی پیوست ہیں جو لاطینی زبان کی اصطلاح کلتور کے .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ اللہ چکری میں سیرت النبی وختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اظہار لاتعلقی

1۔ ماپانکہ علی مراد ولد پیر بان 2۔ غلام نبی ولد پیرو خان 3۔ ہزار خان ولد سید بان 4۔ رحمدل ولد امید علی اپنے بھائیوں، بیٹوں اور بھتیجوں سمیت اقوام بگٹی ساکنان گوٹھ میر محمد بگٹی جھٹ پٹ ضلع جعفر آباد اپنے چچازاد بھائی ہیبتان ولد امید اور اس کے بیٹوں سے بوجہ نافرمانی بری صحبت کے اظہار لاتعلقی کرتے ہیں جو بھی شخص یا ادارہ ان سے لین دین کرے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا ہم اور ہمارے دیگر اہلخانہ کا ان سے کسی قسم کا کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا

ترقی کے سفر میں بلوچستان کو ہمیشہ اولیت دی جائیگی، سیدال خان ناصر

مسلم لیگ کا بنیادی مقصد ملک کی ترقی اسی وژن کے تحت موثر منصوبے شروع کئے گئے ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

عوام کو بنیادی سہولیات صاف پانی، معیاری سڑکیں، بہتر سیوریج سسٹم فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

صوبے کے مسائل کے حل کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، نواں کلی، الخیر ٹاؤن، کلی گل محمد میں منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ ان کی سیاست کا بنیادی مرکز اور محور صوبہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی و خوشحالی ہے، اور اسی مقصد کے تحت وہ اپنے حلقہ انتخاب میں عوامی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبے شروع کر رہے ہیں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے اس سلسلے میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گرد و نواح میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا یہ منصوبے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع میں اضافہ اور شہری انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے ہیں .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات سے بات چیت کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ: مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، ڈاکو گرفتار

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ لیویز اہلکاروں نے کوئٹہ چمن شاہراہ گشت پر کے دوران ڈاکو کو چوری کی گئی موٹر سائیکل سمیت گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی خصوصی ہدایت پر نائب رسالدار محمد عیسیٰ انچارج جنگل پیرعلیزئی تھانہ نائب رسالدار نیک نظر انچارج سید حمید کراس نے کوئٹہ چمن شاہراہ پر گشت کے دوران ٹول پلازہ کے قریب ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چوری کی اس دوران لیویز فورس کو اطلاع ملنے پر پوری کارروائی کرتے ہوئے کیا

طلباء بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبرد آزما ہو سکتے ہیں، نیب بلوچستان

الحمد اسلامک یونیورسٹی کے طلباء و اساتذہ کے وفد کا دورہ نیب آفس، مختلف شعبوں کا معائنہ کیا

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے الحمد اسلامک یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء اور اساتذہ کے ایک وفد کو مدعو کیا۔ وفد کی قیادت عامر جسیم اسسٹنٹ پروفیسر نے کی۔ نیاز حسن، ڈائریکٹر نیب (بلوچستان) نے ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان کی جانب سے وفد کا خیر مقدم کیا .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کلچر ڈے کے حوالے سے آج پروقار تقریب منعقد ہوگی، پشتونخوا نیپ

ثقافت محض تفریح نہیں بلکہ سیاسی شعور اور نظریاتی آزادی کی بنیاد ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا ہے کہ آج 23 ستمبر کو عالمی پشتو کلچر ڈے بھرپور انداز میں منائیں گے اس سلسلے میں پارٹی کے زیر اہتمام مرکزی پروقار تقریب کوئٹہ کے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار پر منعقد ہوگی جس کا افتتاح پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کریں گے علاوہ ازیں پارٹی اور پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر رخشان مجیب الرحمان قمبرانی ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن تعینات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کمشنر رخشان ڈویژن مجیب الرحمان قمبرانی کو ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن تعینات کر دیا گیا حکومت بلوچستان ایس اینڈ جی اے ڈی کے اعلامیہ کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر کمشنر رخشان ڈویژن .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

مشرقی بائی پاس مسائل کی آماجگاہ ہے، قاری مہر اللہ

کوئی سننے والا نہیں حکومتی نمائندوں کو عوام کی مشکلات کا احساس تک نہیں، رہنماء جمعیت (ن)

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، ضلعی کنوینئر مولانا محمد ابراہیم، مشرقی بائی پاس زون کنوینئر قاری عبید اللہ حقانی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی نے کہا کہ مشرقی بائی پاس میں امن و امان، 12 گھنٹے سے زائد بجلی لوڈشیڈنگ اور ہر پانچ منٹ کے بعد بجلی کی آنکھ مچولی اور سڑکوں پر گندے پانی کے جوہڑوں نا .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

حب میں جھینگا فارم منصوبہ بلوچستان کی ترقی کیلئے اہم ثابت ہوگا، سرمایہ کاری بورڈ

ڈابم میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت 5 ارب کے جھینگا فارم منصوبے میں سرمایہ کاری کا تاریخی معاہدہ طے پا گیا، وائس چیئرمین

آج چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جائیں گے، حکومت عوام کی خوشحالی کیلئے پرعزم ہے، بلال خان کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی کاوشوں سے حب کے علاقے ڈابم میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈل کے تحت 5 ارب روپے کے جھینگا فارم منصوبے میں سرمایہ کاری کا تاریخی منصوبہ طے پا گیا اس سلسلے میں حکومت بلوچستان (بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور محکمہ فشریز) اور ہاؤس آف کاسب / دھانیکی ایکوا فوڈ اور الکرم ٹیکسٹائل گروپ کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت پر آج 23 ستمبر کو دستخط کئے جائیں گے یہ تقریب چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوگی جس کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلاول بھٹو کی سیاسی بصیرت نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، میر صادق عمرانی

پارٹی کے چیئرمین کو ان کی 37 ویں سالگرہ پر مبارکباد اور نیک تمنائیں پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو ان کی 37 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں میر محمد صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے وہ واحد نوجوان لیڈر .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

نومبر میں سعودی ولی عہد کے دورہ پاکستان کا امکان ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستانی قوم معزز مہمان کا شایان شان استقبال کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے حال ہی میں وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ سعودی عرب کا انتہائی اہم دورہ کیا اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان غیر معمولی اہمیت کے حامل دفاعی معاہدے نے حتمی شکل دی گئی پاکستان اور سعودی قیادت کی اس ملاقات عالمی سطح .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

27 ستمبر پشاور جلسے کو عمران خان کی رہائی کیلئے سنگ میل قرار دیدیا

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے 27 ستمبر پشاور جلسے کو عمران خان کی رہائی کے لیے ایک سنگ میل قرار دے دیا، وزیراعلیٰ کے پی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع پشاور کے تمام عہدے داروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں 27 ستمبر جلسے کے انتظامات اور حکمت عملی کے حوالے سے مشاورت کی گئی

پاکستان ایک ناقابل تسخیر قوت ہے، مینا مجید بلوچ

پوری دنیا جان چکی ہے کہ ہمارا دفاع مضبوط اور ناقابل شکست ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے امور نوجوانان و کھیل مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ناقابل تسخیر قوت ہے، پوری دنیا جان چکی ہے کہ ہمارا دفاع مضبوط اور ناقابل شکست ہے۔ دشمن اپنی ناکامیوں کے باعث حواس باختہ ہو چکا ہے اور پاکستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے پر اتر آیا ہے مگر قوم اور افواج مل کر ہر سازش کو ناکام بنائیں گے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب روڈ منصوبہ تاخیر کا شکار ہے، مولانا حسین احمد شرودی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، حاجی عبدالصادق نورزئی، مولانا شاہ محمد، حاجی سید عبدالواحد آغا، مولانا محمد ساسولی، مولانا محمد ہاشم خلجی، مولانا حفیظ اللہ، ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا طاہر توحیدی، معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی، رحیم الدین ایڈووکیٹ، ضیاء الرحمان فاروقی، چوہدری محمد عاطف، مولانا عبدالرحمان فاروقی، اللہ دوست ایڈووکیٹ، اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے

صوبائی وزیر صحت کی سوئی اور بیکڑ کا دورہ، کھلی کچہری

جدید ایمبولینسز اور دیہی علاقوں میں موبائل ہیلتھ یونٹس بھیجنے کے احکامات

قبائلی عمائدین اور عوام سے ملاقاتیں، طبی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، بخت محمد

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی سوئی اور بیکڑ کا دورہ، کھلی کچہری میں عمائدین اور عوام سے ملاقات، سوئی اور بیکڑ کے لیے جدید ایمبولینسز اور دیہی علاقوں میں موبائل ہیلتھ یونٹس بھیجنے کے احکامات جاری، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

شعراء اور ادیب معاشرے کا آئینہ ہوتے ہیں، داؤد ترین

رائٹرز فورم کے قیام کا مقصد ادبی ورثے کی حفاظت کرنا ہے، ڈائریکٹر

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر محکمہ ثقافت داؤد خان ترین نے کہا ہے کہ شعراء اور ادیب کسی بھی معاشرے کا آئینہ ہوتے ہیں۔ یہ اپنے قلم سے معاشرے کے مثبت پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں اور منفی پہلوؤں کی نشاندہی کر کے معاشرے کے ذمہ دار لوگوں کا ضمیر جھنجھوڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ادب چونکہ ایک حساس اور لطیف موضوع ہے لہذا یہ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی: مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد قتل

ضابطے کی کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے، لیویز مزید کارروائی کر رہی ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے میر پور میں مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں خاتون اور مرد کو قتل کر دیا گیا ملزمان فرار ہو گئے لیویز کے مطابق ضلع جھل مگسی کے علاقے میر پور میں غیرت کے نام پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک خاتون اور مرد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے واقع کی اطلاع پر لیویز نے جائے وقوع پہنچ کر لاشوں کو اپنی تحویل .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی ہدایت پر فلسطین کے لیے مزید امدادی سامان روانہ کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر این ڈی ایم اے نے فلسطین کے لیے مزید امدادی سامان روانہ کر دیا 100 ٹن سامان پر مشتمل مجموعی طور پر 23 ویں امدادی کھیپ الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے بھیجی گئی، امدادی سامان بذریعہ خصوصی پرواز علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ کیا گیا، روانہ کیے گئے امدادی سامان میں راشن بیگز بشمول آٹا، چاول، کوکنگ آئل، چینے، تیار کھانا اور ڈبہ بند فروٹ شامل ہیں

سینیٹر دنیش کمار سے میر ساجد دشتی ملاقات کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی سوچ نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، صادق عمرانی

اللہ تعالیٰ بلاول بھٹو زرداری کو عمر دراز عطاء فرمائے، سالگرہ کے موقع پر صوبائی وزیر کا پیغام

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو 37 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے تہنیتی پیغام میں میر محمد صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے وہ واحد نوجوان لیڈر ہیں .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی اسفندیار کاکڑ سے مجیب الرحمن کی سربراہی میں ایک وفد ملاقات کر رہا ہے

محکمہ ایکسائز کی کارروائی، 10 کلوگرام چرس برآمد

کارروائی چمن روڈ پر ای ٹی او IX کی قیادت میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ ایکسائز بلوچستان نے منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 10 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ کارروائی چمن روڈ پر ای ٹی او IX کی قیادت میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی گئی محکمہ ایکسائز کے اہلکاروں نے مشتبہ گاڑی کو روک کر تلاشی لی، جس کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں چرس برآمد ہوئے .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کی فلسطین پالیسی شرمناک، مودی کا پیچھے ہٹنا بزدلی ہے، پریانکا گاندھی

بھارت نے 18 نومبر 1988 کو ہی باضابطہ طور پر فلسطین کو ریاست کے طور پر تسلیم کر لیا تھا، اپوزیشن لیڈر

آسٹریلیا، کینیڈا اور برطانیہ نے فلسطین کو تسلیم کیا ہے اور مزید ممالک کے شامل ہونے کی توقع ہے، جے رام رمیش

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی اپوزیشن جماعت کانگریس نے مودی حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے بھارت کی فلسطینی پالیسی کو شرمناک اور اخلاقی بزدلی قرار دے دیا۔ بھارتی کانگریس رہنما پریانکا گاندھی نے ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ بھارت 1988 میں فلسطین کو ریاست تسلیم کرنے والے اولین ممالک میں شامل تھا، لیکن پچھلے 20 ماہ میں بھارت فلسطین پر اپنے بہادرانہ موقف سے پیچھے ہٹ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کے حوالے سے بھارت کی پالیسی انتہائی قابل افسوس ہوگئی ہے۔ یہ ہمارے پچھلے کے بہادرانہ موقف کا .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

او جی ڈی سی کیمپس میں اسکریننگ، ٹیسٹ اور ادویات فراہم کی جائیں گی

یہ کیمپس چکوال، اٹک، گوجر خان، ڈیرہ غازی خان، حیدرآباد، سانگھڑ اور گھوکی میں قائم کئے جائیں گے

اسلام آباد (شاکر رحمان) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی) نے آغا خان یونیورسٹی ہسپتال (اے کے یو ایچ) کے تعاون سے ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کیلئے کیمپس کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ ان کیمپس میں عوام کو مفت اسکریننگ، ٹیسٹ، ڈاکٹر سے مشاورت اور مفت ادویات فراہم کی جائیں گی یہ منصوبہ او جی ڈی سی کے کارپوریٹ .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی پیٹرول، ڈیزل اور اسمگل شدہ اشیاء کی روک تھام کی جائے، وفاق کا بلوچستان حکومت کو خط

بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کی دستیابی سے قانونی سپلائی چین متاثر، ٹیکس چوری اور سیکیورٹی خدشات جنم لے رہے ہیں

ملک میں شفاف اقتصادی نظام قائم رکھنے کیلئے غیر قانونی خرید و فروخت اور ذخیرہ کرنے والوں کیخلاف فوری کارروائی کی جائے

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی حکومت نے بلوچستان میں ایرانی پیٹرول، ڈیزل اور دیگر اسمگل شدہ اشیا کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کے لیے بلوچستان حکومت کو سخت اور فوری اقدامات کرنے کی باضابطہ ہدایت جاری کر دی ہے اس ضمن میں وفاقی وزارت توانائی نے صوبائی حکومت کو ایک اہم خط ارسال کیا ہے، جس میں متعدد ہدایات اور اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے خط میں بلوچستان حکومت کو واضح طور پر کہا گیا ہے کہ وہ ایران سے ملحقہ تمام سرحدی علاقوں پر پیٹرولیم مصنوعات سمیت ہر قسم کی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے موثر حکمت عملی .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر انجینئر جمیل احمد کرد امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کو بلوچستان کی مخیر حضرات کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے چیک دے رہے ہیں

پاک سعودی معاہدے سے دنیا میں ہلچل مچ گئی، سردار یعقوب ناصر

دونوں ممالک کے درمیان دفاعی معاہدہ ایک محفوظ مستقبل کا نقطہ آغاز ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بدامنی پر فوج، عوام اور حکومت ایک پیج پر ہیں، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے سینئر مرکزی نائب صدر رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب دونوں ممالک کے درمیان دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کیلئے ایک محفوظ مستقبل کا نقطہ آغاز ہے جس میں مزید اسلامی ممالک بھی شامل ہو سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلامی دنیا کی قیادت کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نیاز حسن ڈائریکٹر نیب اور ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب، الحمد اسلامک یونیورسٹی کے طلباء کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں

افغانستان کو پاکستان میں حملوں کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا، ذبیح اللہ مجاہد

اسلام آباد کو کابل کے ساتھ معلومات شیئر کرنی چاہئیں تاکہ ہم بھی ان خطرات کا مقابلہ کرنے کی کوشش کر سکیں

جاری پروپیگنڈے سے خوش نہیں کیونکہ یہ پاکستان اور افغانستان، دونوں کے مفاد میں نہیں، ترجمان افغان حکومت

کابل (م ڈ) افغان طالبان کے سینئر اہلکار نے کہا کہ افغانستان کو پاکستان میں ہونے والے حملوں کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بار بار کے انتباہ کے بعد حال ہی میں آپریشنز کیے گئے ہیں تھا کہ کابل کو اپنی سرزمین کو دہشت گردوں کے لانچنگ پیڈ کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ دھمکی آمیز لہجے والے بیانات کے بجائے بات چیت ہونی چاہیے، زیادہ دورے ہونے چاہئیں تاکہ دونوں طرف اعتماد پیدا ہو، ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور بقاء کی ضمانت ہے، بابا غلام رسول عمرانی

پشتون ثقافت امن، محبت اور بھائی چارے کی امین ہے، کلچر ڈے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، صوبائی مشیر

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور اس کی بقا کی ضمانت ہے۔ پشتون ثقافت امن اور بھائی چارے کی امین ہے جو صدیوں پر محیط تاریخ کا حصہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتون ثقافتی دن کے موقع پر اپنے خصوصی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سردار منظور محمد حسنی کے بیٹے کے اغواء کیخلاف پاک ایران شاہراہ بلاک

شاہراہ کئی گھنٹے بند رہنے کی وجہ سے مسافر گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں

چاغی (آن لائن) سردار منظور محمد حسنی کے بیٹے کے اغواء کے خلاف پاک ایران شاہراہ چھتر کے مقام پر بلاک کر دی گئی، جس کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل دالبندین شہر سے مسلح افراد نے سردار منظور محمد حسنی کے .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

واٹر پالیسی کی منظوری کے بعد صوبے بھر میں نئے ٹیوب ویلوں کی ڈرلنگ پر پابندی عائد

صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ بلوچستان میں زیر زمین پانی کی تیزی سے گرتی ہوئی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے

اب کسی کو نیا ٹیوب ویل لگانے کی اجازت نہیں خلاف ورزی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، محکمہ آبپاشی و واٹر ریسورسز

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت نے صوبائی واٹر پالیسی کی منظوری کے بعد ٹیوب ویلوں کی نئی تنصیب اور زیر زمین پانی کی ڈرلنگ پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے یہ فیصلہ بلوچستان میں زیر زمین پانی کی تیزی سے گرتی ہوئی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے محکمہ آبپاشی اور واٹر ریسورسز کے مطابق، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں اب کسی بھی فرد، ادارے یا تنظیم کو نیا ٹیوب ویل لگانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پالیسی کے مطابق، جو بھی اس پابندی کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف سخت قانونی کار .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد، چوروں کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

چور گھر سے موٹر سائیکل لے جا رہے تھے مالک رسول بخش کے شور مچانے پر چوروں نے فائرنگ کر دی

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ منجھو شوری کی حدود میں نامعلوم چور گزشتہ شب رسول بخش کے گھر میں داخل ہو کر موٹر سائیکل لے جا رہے تھے کہ اچانک گھر کے مالک کا شور کرنے پر چوروں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں رسول بخش موقع پر جاں بحق ہو گیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس تھانہ منجھو شوری کی حدود گوٹھ علی جان لانگو میں جیسے ٹیچنگ .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ طارق مگسی نے میر فیروز لہڑی کیلئے فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر نوابزادہ طارق مگسی پیر کے روز لہڑی ہاؤس کوئٹہ گئے جہاں انہوں نے الحاج میر فیروز لہڑی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔ صوبائی وزیر نے مرحوم کے روح کے ایصال ثواب، بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

سیلاب متاثرین کیلئے جمع 50 لاکھ سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن کے حوالے

بلوچستان کی طرف سے یہ امداد انسانی ہمدردی کے جذبے کے تحت دی گئی ہے، حافظ نعیم الرحمان

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر انجینئر جمیل احمد کرد نے بلوچستان کے مخیر حضرات کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے جمع کی گئی پچاس لاکھ روپے کا چیک امیر جماعت اسلامی پاکستان سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن حافظ نعیم الرحمان کو .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

زر مبادلہ 20 ارب ڈالر کے قریب، برآمدات میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملکی معیشت ترقی کی راہ پر دوڑنا شروع ہو گئی ہے، جس کا اظہار زر مبادلہ کے ذخائر میں اضافے، برآمدات میں بہتری، بین الاقوامی مالیاتی انضمام اور ہمسایہ ممالک سے تجارتی تعلقات کے فروغ سے ہوتا ہے۔ پاکستان کے مجموعی زر مبادلہ کے ذخائر 12 ستمبر 2025 تک بڑھ کر 19.73 ارب ڈالر کی شاندار سطح پر پہنچ گئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذخائر میں 21 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے

پشتونخوا میپ کی پشتون انٹرنیشنل ثقافتی دن کی تقاریب منسوخ

شہداء کے سوگ میں پشتون انٹرنیشنل ثقافتی ڈے پر زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 2 ستمبر کوئٹہ خونخوار بم دھماکہ کے شہداء کے سوگ میں پشتون انٹرنیشنل ثقافتی دن 23 ستمبر 2025 کے کوئٹہ کے مرکزی پروگرام کو منسوخ کر کے اسلام آباد میں پشتون عالمی ثقافتی دن 23 ستمبر منانے کا اعلان کیا گیا تھا اور اس سلسلے میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز منرل ایکٹ ملک کے آئین کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف ہے، نصر اللہ زیرے

مذکورہ ایکٹ کو فی الفور منسوخ کیا جائے، اسمبلی میں آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ پارٹی مائنز منرل ایکٹ 2025 کو یکسر مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کرتی ہے کہ مذکورہ ایکٹ کو فی الفور منسوخ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کی جانب سے آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارٹی .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں کرپشن، لوٹ مار اور اقرباء پروری کا بازار گرم ہے، پشتونخوا میپ

فارم 47 کی حکومتیں سیاسی استحکام لانے میں ناکام جس کے نتیجے میں بیرونی قرضہ 80 ٹریلین تک پہنچ چکا ہے، عبدالرحیم زیارتوال، سید شراف آغا

بدترین مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی صوبے میں کاروبار پر مکمل پابندیاں عائد ہیں، خان شہید علاقائی یونٹ کانفرنس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل کچلاک کے زیر اہتمام خان شہید علاقائی یونٹ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، سندھ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری فضل اشناء اور تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ نے خطا .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

راول ڈیم میں پانی جمع کرنے کی گنجائش ختم، اسپل ویز کھولنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) راول ڈیم میں پانی جمع کرنے کی گنجائش ختم ہونے پر اسپل ویز کھولنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق راول ڈیم کا لیول 1752.0 فٹ پر پہنچ چکا ہے، اسپل ویز کھلنے سے کورنگ نالہ میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ متوقع ہے۔ این ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ اداروں کو پیشگی آگاہ کر دیا، کورنگ نالہ سے ملحقہ رہائشی آبادیوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت۔ عوام سے التماس ہے

لورالائی کے مختلف علاقوں میں کاشت پوست کی فصل تلف

آپریشن حلقہ تورہ، موضع شروان اور موضع کوٹی، تحصیل میختر میں کیا گیا

لورالائی (آن لائن) ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس فورس لورالائی کی جانب سے ضلع لورالائی کے مختلف علاقوں میں منشیات کے خلاف کارروائی کی گئی، جس کے دوران چرس (بھنگ) کی کاشت کو مکمل طور پر تلف کر دیا گیا۔ یہ کامیاب آپریشن حلقہ تورہ، موضع شروان اور موضع کوٹی، تحصیل میختر میں کیا گیا، جہاں زرعی زمین پر غیر قانونی طور پر کاشت کی گئی چرس .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

پرامن علاقوں میں حالات خراب، لوگ قتل ہو رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان

حکمران وسیکورٹی ادارے مذمتی بیانات کے سوا کچھ نہیں کر رہے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے، امیر جماعت اسلامی

اسسٹنٹ کمشنر زیارت اور ان کے بیٹے کا قتل ناقابل برداشت ہے، ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ پرامن علاقوں میں حالات خراب، لوگ قتل ہو رہے ہیں حکمران و سیکورٹی ادارے مذمتی بیانات کے سوا کچھ نہیں کر رہے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے اسسٹنٹ کمشنر زیارت اور ان کے بیٹے کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ حکومت اور اداروں کی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

منگوچر اور چھتو شوری پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) منگوچر اور چھتو شوری میں پولیس کی کارروائی تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا پولیس کے مطابق منگولی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم دیدار عمرانی کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ چھتو شوری پولیس نے دوران ڈیوٹی قتل کے دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے تفتیش شروع کر دی گئی۔

بلوچستان میں سنگل پارٹی کا قیام نواب شہید کے وژن کا تسلسل ہے، جے ڈبلیو پی

اس فارمولے پر اتفاق کیا جائے تو ہم اپنے ساحل و وسائل کے حقیقی مالک بن سکیں گے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سنگل پارٹی کا قیام شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کے وژن اور قربانیوں کا تسلسل ہے جو بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتیں اس فارمولے پر اتفاق کریں گی تو بلوچ اور پشتون اقوام اپنے ساحل و وسائل کے حقیقی مالک بن سکیں گے اور بلوچستان میں امن کا .... آج وقت اور حالات کی اہم ضرورت ہے اگر .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بغیر لائسنس ادویات بیچنے کے الزام میں حکیم شہزاد کو گرفتار کرنے کا حکم

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈرگ کورٹ لاہور نے غیر قانونی اشتہارات اور بغیر لائسنس ادویات بیچنے کے الزام میں حکیم شہزاد کو گرفتار کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ چیئرمین ڈرگ کورٹ لاہور محمد نوید رانا نے حکیم شہزاد کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ عدالت نے ڈی پی او کو حکیم شہزاد کو گرفتار کرنے کا حکم جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ حکیم شہزاد کو گرفتار کر کے آئندہ پیشی پر عدالت میں پیش کیا جائے۔

عوامی اعتماد ہی کسی جماعت کی اصل طاقت ہے، سردار عبدالرحمان کھیتران

بارکھان و گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد میں مسلم لیگ (ن) میں شمولیت خوش آئند ہے، صوبائی وزیر

مسلم لیگ (ن) عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے گی، صوبائی وزیر

بارکھان (آن لائن) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ضلع بارکھان اور گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد کا مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرنا خوش آئند اور تاریخی عمل ہے انہوں نے کہا کہ عوامی اعتماد ہی .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

رسالدار میجر زین اللہ خان نائب رسالدار محمد عیسیٰ نائب رسالدار نیک نظر گرفتار ڈاکوؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر صنعت و تجارت سردار کوہیار خان ڈومکی، و دیگر ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے فیصل پانیزئی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

امریکی ناظم الامور کی وفاقی وزیر ریلوے سے ملاقات، تعاون پر اتفاق

اسٹیشنز کی جدت کے اقدامات کئے جا رہے ہیں، محمد حنیف عباسی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے امریکی ناظم الامور نے ملاقات کی امور نٹلی اے بیکر نے وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے وزارت ریلوے میں اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان ریلوے کے ذریعے علاقائی روابط .... جس میں سرمایہ کاری اور تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ تفصیل کے مطابق پاکستان میں امریکی ناظم .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

مدارس کیخلاف سازشیں کرنیوالے ہمیشہ ناکام اور رسوا ہوئے ہیں، جے یو آئی

ایک صوبائی وزیر کی دینی مدارس کے خلاف ہرزہ سرائی ناقابل برداشت ہے، یہ زبان درازی دراصل انکی اپنی سیاسی ناکامی کا اعتراف ہے

مدارس دشمنی دراصل دین دشمنی اور ایمان دشمنی ہے، جے یو آئی شعائر اسلام اور مدارس کے تقدس کیلئے ہر میدان میں ڈٹ کر مقابلہ کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبائی وزیر کی دینی مدارس کے خلاف ہرزہ سرائی شرمناک اور ناقابل برداشت ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ تحریک آزادی سے لیکر آج تک مدارس نے وطن اور اسلام کیلئے عظیم قربانیاں دی ہیں لاکھوں یتیم و غریب طلباء کو علم و تربیت دینے والے مدارس پر طعنے دینا اخلاقی پستی ہے .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

امت مسلمہ یک جان ہو کر متحدہ دفاعی معاہدے کرے، حافظ حمد اللہ

مسلم ممالک کو دوسروں کا ایندھن بننے کی بجائے اپنی اجتماعی قوت کو منظم کرنا ہوگا، رہنما جمعیت

اسلام دشمن قوتیں مسلمانوں کو تقسیم کر کے مقاصد حاصل کرنا چاہتی ہیں، ختم نبوت کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ نے راولپنڈی میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وقت کا تقاضا ہے کہ پوری امت مسلمہ یک جان ہو کر متحدہ دفاعی اور معاشی معاہدے کرے انہوں نے کہا کہ آنے والا دور بڑی طاقتوں کی باہمی چپقلش اور مفادات کی جنگ کا ہے، ایسے میں مسلم ممالک کو دوسروں کا ایندھن بننے کی بجائے اپنی اجتماعی قوت کو منظم اور مضبوط کرنا ہوگا .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا کے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کو سیاسی معاشی استحصال کا سامنا ہے، جمعیت نظریاتی

عالم اسلام کو درپیش بحرانوں اور مسائل پر دفاعی و معاشی معاہدوں اور یکجہتی کی ضرورت ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

امریکہ ایک بار پھر افغانستان میں پرامن حالات خراب کرنے کا خطرناک ارادہ رکھتا ہے، مولانا عبدالرؤف، نجم خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی کنوینئر مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ عالم اسلام کو درپیش بحران اور مسائل پر دفاعی و معاشی معاہدے اور وحدت یکجہتی کی اہم ضرورت ہے اقوام متحدہ کی دوغلا پن اور منافقت .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر